حکومتِ پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
لاہور پاکستان

یوتھ انٹرنیشنل



ایشیا سوسائٹی واشنگٹن میں

امریکی سفیر رابرٹ بی اوکلے کی

پاکستانی سیاست پر تقریر جس سے

نگران وزیر داخلہ

زاہد سرفراز چلا اُٹھے؟

نواز شریف نے خاموشی اختیار کرلی؟

نگران وزیر اعظم غلام مصطفٰی جتوئی کے خلاف سازش کا مقاصد کیا تھا؟

اندرونی صفحات میں معروف نوجوان صحافی صدیق القادری کا بے لاگ تجزیہ!



اب میرا ایک ہی قدم مجھے جوانی کی حسین دنیا میں لے جائے گا

نئی اداکارہ ربیکا کا دلچسپ انٹرویو

now in silver jubillee year

NATIONAL INDUSTRIAL CO-OPERATIVE FINANCE CORPORATION LTD.

MOST RELIABLE

ESTABLISHED 1964
REGISTERED UNDER CO - OPERATIVE SOCIETIES ACT 1925
225 BRANCHES SERVING MILLIONS OF MEMBERS THROUGH OUT PUNJAB

CENTRAL OFFICE MALLVIEW PLAZA BANK SQUARE LAHORE

کہیں وقت گزر نہ جائے

آپ نے قرضہ تو حاصل کر لیا اب اس کی واپسی کی تاریخ بھی آپ یاد رکھیں۔ وقت پر قرضہ کی ادائیگی کر کے ایک اچھا شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

آپ جانتے ہیں کہ گزرا ہوا وقت کبھی ہاتھ نہیں آتا مقررہ تاریخ کے اندر ادائیگی کر کے بینک کے اصل پر واجبات میں سے ۳ فیصد کی رعایت حاصل کیجیئے۔

ندامت سے بچیئے قانونی کاروائی سے بچیئے

مزید معلومات کے لیے زرعی ترقیاتی بینک کی قریبی شاخ سے رجوع کریں

زرعی ترقیاتی بینک پاکستان

PID(I)

بین الاقوامی نوجوان برادری کا واحد حقیقی ترجمان

حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

یوتھ انٹرنیشنل

لاہور پاکستان

جلد: ۔۔ شمارہ ۲ ستمبر اکتوبر ۱۹۹۰ء

ایڈیٹر انچیف: محمد صدیق القادری

اس شمارے میں

صفحہ نمبر

۱ - اداریہ ۷
۲ - گزارشات ۸
۳ - صدر پاکستان کی تقریر کا متن ۱۱
۴ - جتوئی کی پہلی پریس کانفرنس ۱۴
۵ - کچھ یوم دفاع کے بارے ۱۹
۶ - امریکی فوجی کرائے پر ۳۵
مضامین
۷ - امریکی چالبازیاں ۳۷
۸ - امریکی سفیر کی متنازعہ تقریر پر ایک تجزیہ ۴۰
۹ - نئی اداکارہ ربیکا ۴۴
۱۱ - پاک چین تعلقات ایک جائزہ (خرم فیصل) ۴۹

پاکستان	---	۱۵ روپے
ہندوستان	---	۱۰۰ ڈالر
سعودی عرب	-	۵ ریال
بحرین، کویت	--	۵۰۰ فلس
انگلستان	---	۱.۵۰ پونڈ
کینیڈا	---	۲ ڈالر

سب ایڈیٹرز
مس روبینہ قادری ● غلام مرتضیٰ القادری

قلمی معاونین
ڈاکٹر صغیر کامران ● غضنفر کاظمی
چوہدری اسلم ● مسز شہناز ارشد

عکاسی
تبسم نوید ● یامین صدیقی
فرمان قریشی ● صغیر احمد عادل

رپورٹرز
توصیف القادری
مس خالدہ

نمائندگان بیرون ملک
...یم عارف سلیمی (مغربی جرمنی) سلطان احمد (سعودی عرب)

قانونی مشیر: اقبال محمود اعوان (ایڈووکیٹ)
سرکولیشن مینجر: عبدالستار نیازی

قیمت: پندرہ روپے فی کاپی

خط وکتابت کے لیے
ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل اردو/انگلش۔ ایوانِ اوقاف بلڈنگ نزد ہائی کورٹ پوسٹ بکس نمبر ۲۲۴۶ جی پی او لاہور پاکستان۔ فون نمبر ۵۴۷۲۹

پبلشر محمد صدیق القادری نے ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل اردو/انگلش جسارت پرنٹرز ۲۴ سرکلر روڈ لاہور سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل ایوانِ اوقاف بلڈنگ سے شائع کیا

آئندہ شمارے میں

سنسنی خیز انکشافات

• فوذی علی کاظمی کیس کی سب سے اہم کردار فریدہ کون ہے ؟؟

فریدہ کی زبان کھل جائے تو ملک کی کئی اعلیٰ ترین شخصیات

بے لباس ہو جائیں گی

• فریدہ کے پاس کن کن سیاسی وسماجی شخصیات کے بلیو پرنٹس موجود ہیں ؟

• فوذی علی کاظمی کی فرم کی ڈائریکٹر اور حصہ دار ہونے کے باوجود حکومت کے اعلیٰ افسران اس پر ہاتھ ڈالنے سے کیوں خوفزدہ ہیں ؟

• فریدہ کے پاس وہ کونسے اہم ترین راز ہیں جو کچھ اہم ترین شخصیات کے لیے ایٹم بم کا درجہ رکھتے ہیں !

• آصف زرداری کے فریدہ کے ساتھ کیا تعلقات رہے ہیں؟

• کراچی کی ماڈل گرل فریدہ

جس کی زبان تلے اہم ترین رازوں کا آتش فشاں موجود ہے

اس پُراسرار کردار کے بارے میں چونکا دینے والے حقائق بمعہ تصاویر

آئندہ شمارے میں ملاحظہ فرمائیے

اداریہ

موجودہ نگران حکومت کی ذمہ داری

آزادانہ منصفانہ انتخابات کا انعقاد

صدر پاکستان جناب غلام اسحاق خان کے جاری کردہ اعلان کے مطابق قومی وصوبائی اسمبلیوں کے انتخابات پروگرام کے مطابق ۲۴ اکتوبر اور ۲۷ اکتوبر کو منعقد کرانے کی تیاریاں جاری ہیں۔ دوسری طرف سیاسی محاذ آرائی میں روز بروز اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ سیاسی پارٹیوں کی جانب سے تحریری اور تقریری الزام تراشیوں کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے جو انتہائی افسوسناک حد تک بڑھتا دکھائی دے رہا ہے۔ جوں جوں الیکشن کے دن قریب آرہے ہیں۔ اخلاقی حدود کو نظرانداز کر کے ایک دوسرے پر سنگین ترین الزامات لگائے جارہے ہیں۔

موجودہ نگران حکومت کا سب سے اہم کام آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کا انعقاد ہے۔ نگران حکومت اپنے فرائض میں کس حد تک پوری اترتی ہے۔ یہ تو الیکشن کے حالات بتائیں گے۔

اپوزیشن کی اکثر سیاسی جماعتیں صدر غلام اسحاق خان، وزیراعظم غلام مصطفیٰ جتوئی اور نگران وفاقی وزراء، نگران صوبائی حکومتوں پر سنگین دھاندلی کرانے کے الزامات کی بوچھاڑ کررہی ہیں۔

اس سلسلہ میں موجودہ نگران حکومت کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ اپوزیشن پارٹیوں کی شکایت کی طرف توجہ دیں۔ سرکاری مشینری کو الیکشن میں ہرگز استعمال نہ کرنے دیں۔ آزادانہ، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ ماحول میں انتخابات کو یقینی بنائیں تاکہ بیلٹ بکس پر عوام کا اعتماد بحال رہے۔ اگر نگران حکومت بیلٹ بکس کے تقدس کو بحال رکھنے میں کامیاب ہوگئی۔ جمہوری ادارے نگران حکومت کی اعلیٰ کارکردگی کو ملکی و بین الاقوامی سطح پر سراہیں گے۔

عوام کی خواہشات کے مطابق حکومت ہی پاکستان کی بقاء، سلامتی، استحکام اور قومی یکجہتی کی ضمانت ہے۔

اللہ نگہبان

پاکستان زندہ باد

ایڈیٹر انچیف

محمد صدیق القادری

جناب غلام مصطفٰے جتوئی صاحب
وزیر اعظم پاکستان کی خدمتِ اقدس میں چند اہم گزارشات

د ۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آپ وزارت اعظمیٰ کے عہدے پر فائز ہوئے ہیں نگران حکومت چند روز کی عارضی حکومت ہے ۔ آپ کی حکومت کیلئے ذاتی کردارکشی بڑھتی ہوئی محاذ آرائی ۔ نفرتوں کا سیلاب ، کرپشن لوٹ کھسوٹ کے سنگین واقعات اور انتقامی سیاست بہت بڑے چیلنج بن چکے ہیں ۔ اگر آپ ان چیلنجوں کا مقابلہ کرتے ہوئے ملک میں آزادانہ ، غیرجانبدارانہ اور منصفانہ انتخابات کروانے میں کامیاب ہوگئے تو عوام میں آپ کی شخصیت پر اعتماد بڑھے گا ۔ بین الاقوامی سطح پر بھی آپ کے وقار میں بے پناہ اضافہ ہوگا ۔

وزیر اعظم پاکستان جناب غلام مصطفٰے جتوئی معروف یوتھ لیڈر جناب محمد صدیق القادری ایڈیٹر انچیف یوتھ انٹرنیشنل سے تبادلہ خیال کر رہے ہیں ۔

ب ، جناب وزیر اعظم عوام احتساب ، کے عمل کا خیر مقدم کرتے ہیں ۔ لیکن سوال یہ ہے کہ احتساب صرف محترمہ بے نظیر بھٹو اور پیپلز پارٹی تک محدود کیوں ہے ۔ آئی جے آئی کے بعض لیڈروں پر لوٹ کھسوٹ اور کرپشن کے سنگین الزامات موجود ہیں ۔ کیا آپ ایسے لوگوں کا احتساب کرنے کی جرأت کریں گے ۔ احتساب کے عمل کو مذاق بنانے کی بجائے انصاف کے تقاضوں کے مطابق سب کا احتساب کیا جائے ۔ تاکہ آپ غیر جانبدارانہ حیثیت متاثر نہ ہو ۔

ج ، آپ بحیثیت وزیر اعظم فراہمت اور جرأت کا مظاہرہ کرکے خود کو احتساب کیلئے پیش کریں ۔ اور نگران حکومت کے تمام وزراء کو رضاکارانہ طور پر احتساب کیلئے پیش کرکے احتساب کے عمل کو جاری رکھنے کیلئے اچھی روایت کا اظہار کریں ۔ آئندہ کے لئے تمام حکمرانوں کیلئے کرپشن کے دروازے ہمیشہ کے لئے بند کردیں ۔

ح : نگران حکومت کے ایسے وزراء جو انتخابات میں براہ راست حصہ لے رہے ہیں ۱۰ اکتوبر تک باعزت طریقے سے وزارتوں سے فارغ کردیں ۔ تاکہ آپ کی حکومت پر سرکاری وسائل کے استعمال ، حکومتی مشینری کے ذریعے دھاندلی کروانے کے الزامات عائد نہ ہوں ۔

ط : آپ شریف النفس ۔ اعتدال پسند ۔ وفاق پاکستان کے داعی ۔ استحکام پاکستان کے حامی ۔ جمہوری اصولوں کے پاسبان سیاستدان ہیں آپ کی حکومت کے بعض وزراء غیر جانبدارانہ بیان بازی کرکے انتقامی سیاست کو فروغ دے رہے ہیں ۔ یہ سب کچھ ایک سازش کے تحت آپ کو بطور ہلاکو خان پیش کرکے آپ کی سیاسی ساکھ کو ناقابل تلافی نقصان دے رہے ہیں ۔ آپ کے لئے ضروری ہے ایسے وزراء کو فوراً لگام دیں جو اپنی لیڈری چمکانے کے لئے آپ کو ملکی اور بین الاقوامی سطح پر بدنام کرنے کیلئے کوشاں ہیں ۔

س : جناب غلام مصطفٰے جتوئی صاحب !
وزارت عظمٰی کا قلمدان سنبھالتے ہی آپ نے مختلف سیاستدانوں کیساتھ ملاقاتیں ۔ تبادلہ خیالات کا جو سلسلہ شروع کیا ہے ۔ وہ قابل تعریف اقدام ہے ۔ قومی سیاست میں آپ کے افہام وتفہیم کے جذبے کے خوشگوار اثرات مرتب ہوں گے ۔
آپ فراخدلی کے ساتھ پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن محترمہ بے نظیر بھٹو کے پاس جائیں ۔ ملاقات کریں ۔ غلط فہمیوں کو دور کریں ۔ آپ جیسے صلح جو ، شریف النفس تجربہ کار سیاست دان کے لئے کوئی مشکل کام نہیں ۔
اگر آپ موجودہ چیلنجوں کا مقابلہ کرتے ہوئے انصاف پسندی اور دیانتداری کے ساتھ آزادانہ ، منصفانہ انتخابات کروانے میں کامیاب ہوگئے تو قومی سیاست میں آپ کو اعلیٰ مقام ملے گا ۔

محمد صدیق القادری
ایڈیٹر چیف

الیکشن ۹۰ میں غلام مصطفٰے جتوئی اپنی آبائی نشست بھاری اکثریت سے جیت جائیں گے

(خصوصی رپورٹ یوتھ انٹرنیشنل) موجودہ نگران وزیر اعظم غلام مصطفٰے جتوئی این اے ۱۵۸ نوشہرو فیروز نواب شاہ سندھ کی اپنی آبائی نشست بھاری اکثریت سے جیت جائیں گے ۔ یوتھ انٹرنیشنل کے نمائندگان کے تفصیلی سروے کے مطابق ۸۸ء کے الیکشن میں عوام نے پیپلز پارٹی کے امیدوار رحمت اللہ میرت اگرچہ ووٹوں کے ساتھ کامیاب کرایا تھا جس سے جناب جتوئی کو اپنی آبائی نشست سے بری طرح شکست کھانی پڑی تھی ۔ الیکشن ہارنے کے باوجود غلام مصطفٰے جتوئی نے اپنے حلقے کے عوام سے مسلسل رابطہ رکھا ۔ عوام میں پائی جانے والی ناراضگی کو ختم کرنے میں شب و روز کوشاں رہے بالآخر غلام مصطفٰے جتوئی اپنے مخالفین کے ذہین کو تبدیل کرنے اور اپنی حمایت حاصل کرنے میں بڑی حد تک کامیاب نظر آ رہے ہیں ۔ حلقے کے عوام کا جھکاؤ بھی غلام مصطفٰے جتوئی کی طرف ہے اس جھکاؤ کی بڑی وجہ پیپلز پارٹی کے سابق رکن قومی اسمبلی کی ناقص کارکردگی ہے ۔ جس سے حلقے کے عوام مایوس ہیں اس مایوسی کا فائدہ غلام مصطفٰے جتوئی کو پہنچ رہا ہے کارکردگی کے لحاظ سے پیپلز پارٹی کے لئے یہ سیٹ جیتنا مشکل نظر آتی ہے ۹۰ الیکشن میں جناب غلام مصطفٰے جتوئی کے نوشہرو فیروز کی نشست بھاری اکثریت سے جیتنے کے روشن امکانات ہیں ۔ نواب شاہ نوشہرو فیروز کے عوام کی سوچ میں نمایاں تبدیلی کا پس منظر یہ ہے اگر غلام مصطفٰے جتوئی اپنے آبائی حلقے سے جیت گئے تو آئندہ بھی وزیر اعظم ہوں گے ۔ جناب جتوئی کے وزیر اعظم بننے سے حلقے کے عوام کی قسمت بدل جائے گی ۔ یہاں کے نوجوانوں کیلئے ملازمتوں کے دروازے کھل جائیں گے ۔ علاقے کے مسائل حل ہوجائیں گے ۔ یہاں کے ووٹروں کی سوچ نظریات کی بجائے شخصیات کی طرف ہے ۔ غلام مصطفٰے جتوئی کی شخصیت اپنے مدمقابل کی نسبت ملکی اور بین الاقوامی سطح پر زیادہ اہم اور معروف ہے ۔ بہرحال نوشہرو فیروز کی اس نشست سے سندھ کی سیاست پر نمایاں اثرات مرتب ہوں گے ۔

LES LABORATOIRES SERVIER

Where research is the priority

History	This company was formed by Dr. J. Servier about 33 years ago with an initial staff of 9 people.	
Progress	**MANPOWER**	The initial staff of 9 people now stands at 4000 out of whom 1000 work outside France.
	GROWTH	Servier has the 3rd highest growth rate in the world.
	TURNOVER	Servier is placed 48th in all pharmaceutical companies at international level.
	RESEARCH	Servier owes its rapid expansion to the efforts devoted to research which represents 23% of turnover & employs a quarter of all personnel. The investment in research has increased 5 times during the last 7 years.
	INTERNATIONAL DEVELOPMENT	Due to the international reputation, Servier products are prescribed by the doctors in 123 countries. Two Servier products, out of a total of eight French drugs, are registered in the United States, despite the demanding requirements of the FDA, and three are present on the Japanese market.
Fields of Development	This worldwide presence has been achieved thanks to the development of products, aimed at six major therapeutic fields: cardiovascular, respiratory, neurological and psychiatric diseases, cerebral aging, metabolic disorders and cancer.	

LES LABORATOIRES SERVIER
22, rue Garnier
92200 Neuilly
France

Servier Scientific Office
1st Floor - Uzma Court
Main Clifton Road
Karachi.

Distributed by:
Muller & Phipps Pak (Pvt) Ltd.
P.O. Box 3880
Karachi.

MCM



مجھے یقین ہے کہ آپ کے علم میں یہ بات آ چکی ہوگی کہ میں نے آئین کے آرٹیکل ۵۸ کی شق (۲) بی کے تحت اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے ایک صدارتی حکم کے ذریعے قومی اسمبلی توڑ دی ہے جس کے نتیجے میں وزیراعظم اور ان کی کابینہ اپنے عہدے پر برقرار نہیں رہے۔ آج جاری ہونے والے اس حکم نامے میں آئین قانون اور مسلمہ جمہوری روایات کے منافی ان افسوسناک سرگرمیوں اور کوتاہیوں کی نشاندہی کی گئی ہے کہ جس کے نتیجے میں ایک منتخب ادارے کی حیثیت سے قومی اسمبلی کی افادیت ختم ہوگئی ہے اور وہ عوامی اعتماد سے محروم ہو چکی ہے۔ حکمرانوں کے سیاسی وفاداریوں کی کھلے بندوں اور لگاتار خرید و فروخت کے ذریعے استحالی مینڈیٹ میں خورد برد کے قابل مذمت طرز عمل کا ذکر بھی کیا گیا ہے اور آئین کی خلاف ورزی کے ان متعدد واقعات کی نشاندہی کی جو مرکز اور صوبوں کے باہمی تعلقات، صوبائی خود مختاری کے دائرہ کار پر دست اندازی، سینیٹ کے کردار اور عدالتوں کے احترام حکومت کی انتظامی مشینری کے استعمال اور اس طرح کے چند اور امور کے مسئلہ میں مسلسل پیش آتے رہے۔ انتہائی وسیع پیمانے پر قومی وسائل کی لوٹ کھسوٹ اور بدعنوانیوں کی شرمناک وارداتوں اور سندھ میں امن و امان کی اندوہناک صورتحال کا تذکرہ بھی کیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ ان حالات اور واقعات کو دیکھتے ہوئے میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ وفاقی حکومت آئینی تقاضوں کے مطابق نہ چلائی جا رہی تھی اور نہ چلائی جا سکتی ہے اور رائے دہندگان سے دوبارہ

رجوع کرنا ضروری ہوگیا چنانچہ قومی اسمبلی توڑ دی جاتی ہے۔ میں نے یہ فیصلہ اپنے حلف کی پاسداری اور اس عظیم ذمے داری کو نبھانے کی خاطر کیا جو آئین کی رو سے وفاق اور پاکستان کے اتحاد کی علامت اور آئین پاکستان کے محافظ کی حیثیت سے مجھ پر عائد ہوتی ہے یہ



فیصلہ میں نے مکمل طور پر بہت غور و فکر کے بعد اور پوری احساس ذمے داری کے ساتھ اصلاح احوال کی دیگر تمام کوششوں، صبر آزما انتظار کے باوجود بے نتیجہ ثابت ہونے پر یقین کے ساتھ کیا ہے کہ یہ فیصلہ پاکستان کے کروڑوں بے زبان عوام کی سوچ، خواہشوں اور امنگوں کے عین مطابق ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ میرے اس فیصلے سے ایک طرف عوام کی شدید خواہش کی تکمیل ہوئی ہے کہ چند مفاد پرست خود غرض ناقابل اصلاح افراد کو دس کروڑ افراد کی قسمت اور اس ملک کی تقدیر سے کھیلنے کی کھلی چھٹی نہ دی جائے تو دوسری طرف اس فیصلے سے جمہوریت کے اس بنیادی اصول کی عملاً توثیق بھی ہوئی ہے کہ ملک کے اصل حکمراں

عوام ہیں اور عوام ہی رہیں گے اور یہ کہ وہ جب چاہے حکمرانی کا وہ حق واپس لے سکتے ہیں جو منتخب نمائندوں کو محض امانت کے طور پر اور امانت کی پاسداری کی شرط پر سونپا جاتا ہے چنانچہ مجھے اس بات پر ذرا بھی شبہ نہیں کہ یہ فیصلہ قوم اور جمہوریت کے بہترین مفاد میں ہے۔ مجھے اس بات کا بھی پورا یقین ہے کہ اس فیصلے کی تائید اور حمایت ہر وہ شخص کرے گا جو ملک کی سالمیت کو سیاست سے اور آئینی تقاضے کو مصلحت سے مقدم اور محترم جانتا ہے۔ جو اس ملک کا درد رکھتا ہے جو جمہوریت کو اس ملک میں حقیقی معنوں میں پھلتا پھولتا دیکھنا چاہتا ہے۔ جو سمجھتا ہے کہ چند افراد کی نااہلی اور نادانیوں کی سزا پوری قوم کو نہیں دی جانی چاہیے۔ جس کا عقیدہ ہے کہ قوم کو اس کا یہ حق ضرور دیا جانا چاہیے کہ ان لوگوں کا محاسبہ کیا جائے جنہوں نے عوام کے اعتماد کی توہین کی اور ان کی توقعات اور امیدوں کو روند ڈالا۔ جمہوریت میں عوام کی امیدیں اور توقعات ہی منتخب نمائندوں کی رہبر اور رہنما ہوتی ہیں۔ آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ کس طرح سیاسی محاذ آرائی کو مستقبل وطیرہ اور عدم مفاہمت کو مروجہ طریقہ کار بنایا گیا کس طرح حقیقتوں سے فرار کی پالیسی اپنائی گئی۔ کس طرح ضروری فیصلوں سے احتراز کیا گیا۔ کس طرح آئینی اور انتظامی اداروں کو مفلوج کر دیا گیا اور ان حالات کے نتیجے میں کس طرح قوم خانوں میں بٹتی چلی گئی اور کس طرح قومی دولت لوٹی جاتی رہی۔

میں جن حالات کی طرف اشارہ کر رہا ہوں آپ کسی نہ کسی حد تک اس کے عینی شاہد بھی ہیں اور گواہ بھی۔ آپ میں سے کس نے عوام کے دیے ہوئے

مینڈیٹ کے تقدس کی پامالی اور اس کو تجارت بنانے شرمناک واقعات نہیں دیکھے۔ سیاسی اسٹاک ایکسچینج کھولے گئے اور سیاسی وفاداریاں کھلی منڈی میں مویشی کی طرح بیچی اور خریدی گئیں۔ وزیراعظم کے خلاف تحریکِ عدم اعتماد کے وقت تحریک کی مخالفت اور حمایت کی مہم میں ایسے غیر اخلاقی اور غیر قانونی حربے استعمال کیے گئے کہ ہماری قومی اسمبلی مذاق کا نشانہ بنی ممبران اسمبلی ایک طرح سے یرغمال بن کر حبس بےجا میں رہے اور لالچ اور بندوق کے زور پر انہیں اپنے ضمیر کے مطابق فیصلہ کرنے سے روکا گیا۔ بقول کسی کے کوئی وزارت کے ترازو میں تُل کر بکا کسی نے ضمیر کا سودا زمین کے بدلے طے کیا ہے۔ کسی نے قرضوں کے عوض کسی نے مال کے لالچ میں سیاسی وفاداریاں گروی رکھ دیں۔ گویا سیاست کو سوداگری سمجھنے والوں نے وقت کی ہر کروٹ سے ذاتی فائدہ اٹھانے کی کوشش کی کسی نے یہ سوچنے کی زحمت گوارا نہ کی کہ خدا کو حاضر و ناظر جان کر اٹھانے والے حلف کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوئے یا یہ کہ عوام نے جماعتی بنیادوں پر ہونے والے انتخابات میں اس کو جس جماعت کے نظریہ کی ترجمانی کے لیے اسمبلی بھیجا تھا اسے عوام سے رجوع کیے بغیر انحراف کا کوئی حق نہیں ایسا کرنا اپنے ووٹروں سے غداری ہے اور امانت میں خیانت کے مترادف ہے۔ جو روز جزا و سزا کے مالک کے نزدیک ظلم عظیم ہے۔ اس طرزِ عمل سے بعض ستم ظریفوں کو یہاں تک کہنے کا موقع ملا کہ ڈھائی سو کروڑ کے عوض پاکستان کی پوری قومی اسمبلی کی بولی لگائی جا سکتی ہے۔ یہی نہیں قول و عمل کے اور بھی کئی انداز ایسے تھے جن کے ذریعے پارلیمنٹ کے وقار کو بری طرح مجروح کیا گیا۔ پارلیمنٹ جمہوری نظام میں محور کی حیثیت رکھتی ہے اسے اہم قومی مسائل کے حل اور معاشرے میں صحت مند تبدیلیوں کا سرچشمہ بنایا جانا چاہیے تھا مگر حد درجہ ناعاقبت اندیشی کے ساتھ اسے گروہی معاملات میں الجھا دیا گیا۔ یہاں تک کہ قانون سازی جیسے بنیادی کام تک میں سنجیدگی سے دلچسپی نہیں لی گئی ماسوائے بجٹ کے کوئی قابلِ ذکر بل اسمبلی میں پاس تو کجا پیش تک نہیں کیا گیا۔ بیشتر معاملات پرانے آرڈیننسوں کے از سرِ نو اجرا کے ذریعہ چلائے جاتے رہے اکثر وقت تحریکِ التوا اور تحریکِ استحقاق کی نذر ہوتا رہا۔ اسٹینڈنگ کمیٹیاں پارلیمانی نظام کی جان سمجھی جاتی ہیں لیکن ان کی تشکیل میں ۱۹ ماہ تک لیت و لعل سے کام لیا گیا اکثر وزرا اسمبلی میں بیٹھنے تک کے اہل نہ تھے یہ بھی دیکھنے میں آیا کہ معزز ایوان میں کئی بار غلط بیانی اور حقائق پوشی سے کام لیا گیا۔ عدم دلچسپی اور سیاسی مصلحت کے پیش نظر اسمبلی کے فرسودہ قواعد کو آئین کے مطابق ڈھالنے کے لیے ضروری ترامیم کی زحمت بھی گوارا نہ کی گئی اور یوں رفتہ رفتہ قومی اسمبلی اپنی افادیت کھو بیٹھی۔ دوسری جانب پارلیمنٹ کے ایوانِ بالا سینیٹ کے وقار کو گھٹانے اور اس کی حیثیت کو متنازع بنانے کی کوششیں کی جاتی رہیں۔ سینیٹ، وفاقِ پاکستان کے اتحاد کا مظہر ہے جس میں چاروں صوبوں کی مساویانہ حیثیت کے علمبردار اور قومی نمائندگی میں تسلسل کا وسیلہ ہے۔ ساری جمہوری دنیا میں پارلیمنٹ کے ایوانِ بالا کو ایک خاص امتیازی مقام دیا جاتا ہے۔ ہمارے یہاں یہ ہوا کہ اس انتہائی اہم اور باوقار ادارے کے قانونی جواز تک کے بارے میں شکوک و شبہات کا اظہار کیا گیا۔ اس پر تنقید جاری رکھی گئی اور اس کے متعلق انتہائی غلط انداز میں بیان بازی کی جاتی رہی اور اس طرح آئین کے تحت وجود میں آنے والے اس ادارے کی ساکھ کو نقصان پہنچایا جاتا رہا۔ مملکت کے دیگر آئینی ادارے بھی سیاسی دیوالیہ پن کے اثرات سے محفوظ نہ رہ سکے۔ ایک طرف اعلیٰ عدالتوں جیسے محترم ادارے کا مذاق اڑایا گیا اور اس کے فیصلوں کی غیر جانبداری اور موزونیت پر کھلم کھلا انگلیاں اٹھائی گئیں تو دوسری طرف ضابطے کے مطابق کارروائی کے بغیر ہزاروں قیدیوں کو سیاسی آزادی کے نام پر جیلوں سے رہا کر کے ان کی سزاؤں میں تخفیف کر کے انصاف کے تقاضوں کو پامال کیا گیا۔ سیاسی قیدیوں کی رہائی یقیناً ایک مستحسن اقدام تھا مگر یوں رہا کیے جانے والوں میں قانونی اور اخلاقی مجرم بھی شامل تھے جو عدالتوں سے باقاعدہ سزایافتہ تھے مگر ان کے خلاف الزامات کی چھان بین کی گئی اور نہ مقدمہ کی تفصیل اور حقائق دیکھے گئے۔ سستی شہرت کی خواہش کے تحت قتل و ڈکیتی اغوا اور زنا جیسے خطرناک جرائم کو معاف کر کے عدل و انصاف کا مذاق اڑایا گیا۔

الیکشن کمیشن بھی عدم توجہی کا شکار رہا ایک طویل عرصہ گزر جانے کے باوجود ممبران کی خالی آسامیوں کی عذرداریوں اور فلور کراسنگ کے مقدمات کی سماعت سے قاصر رہا جن سے اسمبلیوں کی پارٹی پوزیشن پر فرق پڑتا تھا۔ سول سروسز انتظامیہ میں ریڑھ کی ہڈی کا درجہ رکھتی ہے۔ ان کا نظام بھی آئین کے تحت قائم کردہ ہے۔ دیگر آئینی اداروں کی طرح یہ ادارہ بھی سیاسی مصلحتوں اور من مانیوں کا شکار ہوا اور ایسی بے قاعدگیوں اور بے ضابطگیوں کا نشانہ بنایا گیا جس کی نظیر نہیں ملتی۔ ترقیاں اور تقرریاں ذاتی پسند اور ناپسند کی بنیاد پر کی گئیں۔ وزیراعظم کے سیکرٹریٹ میں پلیسمنٹ بیورو کے نام سے ایک ادارے کا قیام عمل میں لایا گیا اس کے ذریعے سیاسی بنیادوں پر تقریباً ۲۶ ہزار افراد کو سرکاری ملازمتوں سے نوازا گیا۔ اس معاملے میں نہ مروجہ ضابطوں کا خیال رکھا گیا اور نہ قابلیت تجربے عمر اور نہ کوٹے کی پابندیوں کا لحاظ رکھا گیا یہاں تک کہ نااہل قرار دیے جانے والوں تک کو بلا کسی اضافی جواز کے سرکاری آسامیوں کا اہل سمجھا گیا اور اسی طرح نہ صرف یہ کہ جائز حقداروں کا حق مارا گیا بلکہ انتظامیہ میں مستقل بنیادوں پر اپنے کاسہ برداروں اور وفاداروں کی کھیپ بھرتی کی گئی علاوہ ازیں سرکاری ملازمتوں سے نکالے گئے افراد اور عوام کے ٹھکرائے ہوئے عناصر پر مشتمل مشیروں، معاونین خصوصی اور او ایس ڈی کی ایک اچھی خاصی فوج بھرتی کی گئی۔ جو حکمرانوں کے مصاحبین خاص کا درجہ رکھتے تھے اور اپنے آپ کو ہر طرح کی قانونی پابندیوں سے مستثنیٰ سمجھتے تھے اور اقتدار کے ایوانوں میں دندناتے پھرتے تھے۔ جب ان کی تقرری اور طرزِ عمل پر عوامی تنقید میں شدت آ گئی تو ان کے استعفیٰ منظور کر کے انہیں صدر کے حکم کے مطابق باقاعدہ طور پر عہدوں سے فارغ دیا گیا مگر شان دیکھیے کہ اس کے باوجود انہیں بدستور تمام تر سرکاری مراعات عطا کی گئیں اور یہ تمام اقدامات صریحاً آئین اور قانون کے خلاف تھے جو سرکاری اہل کار ان حالات پر معترض ہوئے یا اس نظام میں کھپ نہ سکے۔ انہیں ادھر ادھر کر دیا گیا۔ ایک وقت ایسا بھی آیا کہ حکومت کے اپنے کہنے کے مطابق ان افسروں کی تعداد ۵۹ ہو گئی جبکہ اخبارات کا کہنا تھا کہ ان کی تعداد سو سے تجاوز کر گئی ہے۔ ان افسران کو کہا تو جاتا تھا کہ افسرانِ بکارِ خاص مگر ان کا خاص کام یہ تھا کہ بغیر کوئی کام کیے گھر بیٹھے تنخواہ لیتے رہیں یہ نہ صرف قومی خزانے پر ظلم تھا بلکہ اس سے سول سروسز کی عزتِ نفس، مستعدی اور کارکردگی بھی بری طرح متاثر ہوئی۔ ان اقدامات کے نتیجے میں ملک کا انتظامی ڈھانچہ اپنے تفویض شدہ فرائض کی ادائیگی کی صلاحیت اور دلچسپی کھو بیٹھا مرکز اور صوبوں کے درمیان نفرت اور کشیدگی بڑھتی گئی اور ایک دوسرے کے خلاف سازشیں ہونے لگیں اور اس طرح حکمرانوں کا سارا وقت سیاسی دنگلوں اور داؤ پیچوں میں صرف ہونے لگا۔ سرکاری ادارے قانون نافذ کرنے والے ادارے سمیت تمام ایجنسیاں اور ذرائع ابلاغ تک پوری سرکاری مشینری پارٹی کے مفادات کو پروان چڑھانے، مخالفوں کو زک پہنچانے اور حریفوں کی کردار کشی کے لیے بلا جھجک اور بلا روک ٹوک وقف کر دی گئیں۔ محاذ آرائی کی بنیادی وجہ صرف اتنی تھی کہ بلا شرکتِ غیرے کے اقتدار عوام کے دیئے ہوئے انتخابی مینڈیٹ کو کھلے دل سے تسلیم نہیں کیا گیا۔

حکومت نے پیپلز پروگرام کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کر کے اپنے وفاداروں کو نوازا۔ پیپلز پروگرام کے لیے جو شعبے منتخب کیے گئے تھے وہ صوبوں کے دائرۂ اختیار میں آتے تھے چنانچہ ضروری تھا کہ اس کی منصوبہ بندی اور اس پر عمل درآمد میں صوبوں کو شریک کیا جاتا اور ان کی سفارشات اور ترجیحات کو اہمیت دی جاتی مگر محض پروگرام سے سیاسی فائدہ اٹھانے کے تحت ایسا کرنے سے گریز کیا جاتا رہا۔ صوبوں کے ساتھ صوبائی خودمختاری میں بے جا مداخلت کی وجہ سے یہ تاثر ابھرنے لگا کہ موجودہ نظام وفاقی اکائیوں کی مفادات کی نگہداشت کی صلاحیت نہیں رکھتا اور جب کسی نظام کی ناکامی کا احساس عام ہونے لگے تو لوگ متبادل صورتیں ڈھونڈنے لگتے ہیں اور اس کوشش میں اکثر صوبائیت، علاقائیت اور مقامی وفاداری کی طرف نکل جاتے ہیں۔ اس میں تشویش کی بات یہ ہوتی ہے کہ پھر مرکز سے ان کے تعلقات میں دشمنی کا عنصر غالب آ جاتا ہے اور پھر وہ اپنے حقوق کے لیے مرکز سے برسرِپیکار ہو جاتے ہیں۔ ●●●

Warmest Felicitations On the Auspicious Occasion of the National Day of The People's Republic Of CHINA

Agents for Surgical Medical Hospital Equipments

M. A. Yahya

Importers, Exporters, Indentors of Pharmaceutical Raw Material and Machinery, Fine Chemicals Drugs & Medicines, Industrial Chemicals, Fertilizers, Insecticides & Pesticides, Packing Material etc.

4th Floor, Nelson Chambers, I.I. Chundrigar Road, Karachi.

Phones: 217922- 210566- 210567- 210568

Telex: 2815 DAWA PK. Cable : DAWAGHAR

نگران وزیراعظم مصطفیٰ جتوئی کی پہلی پریس کانفرنس

[illegible] انتخابات اور احتساب [illegible]

وزیراعظم غلام مصطفیٰ جتوئی نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ان کی حکومت ۲۴ اکتوبر کو غیر جانبدارانہ اور منصفانہ انتخابات کرائے گی اور اس کے ساتھ ہی احتساب کا عمل جاری رہے گا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انتخابات عدلیہ کی نگرانی میں ہوں گے جیسا کہ صدر غلام اسحٰق نے ۱۹۸۸ء میں کرائے تھے وزیراعظم نے کہا کہ آج ان کی کابینہ نے الیکشن کمیشن سے انتخابات کی تیاریوں کی رفتار تیز کرنے کی درخواست کا فیصلہ کیا ہے انہوں نے اور کہا کہ صدر غلام اسحٰق خان نے ۲۴ اکتوبر کو انتخابات کرانے کا اعلان کیا ہے میں واضح طور پر اس وعدہ کو پورا کرنے کا اعلان کرتا ہوں مسٹر جتوئی نے مسلح افواج کے خلاف سابق وزیراعظم بے نظیر بھٹو کے بیان کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کا یہ بیان تضاد بیانی کی عکاسی کرتا ہے کیونکہ وہ چند ماہ پہلے جمہوریت کی بحالی میں مسلح افواج کے کردار کی تعریف و توصیف بیان کیا کرتی تھیں یہ بے نظیر بھٹو ہی تھیں جنہوں نے اس حقیقت کے باوجود کہ ان کی پارٹی قومی اسمبلی میں واضح اکثریت حاصل نہیں کر سکی تھی اقتدار حاصل کرنے کے لیے مختلف حلقوں کی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کی تھی جب ان سے ۶ اگست کو قومی اسمبلی توڑے جانے اور پیپلز پارٹی کی حکومت کی برطرفی کے موقع پر وزیراعظم سیکرٹریٹ اور پی ایم ہاؤس پر فوج کی تعیناتی کے بارے میں استفسار کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ یہ پیپلز پارٹی کی حکومت ہی تھی جس نے سندھ میں کئی ڈویژن فوج لگائی تھی اسلام آباد میں صرف حفاظتی مقاصد کے لیے دو فوجی ٹرک آئے تھے اس کا مطلب فوج کا ملوث ہونا نہیں ہے انہوں نے کہا کہ فوج نے پرائم منسٹر سیکرٹریٹ یا پی ایم ہاؤس سے کوئی فائل اپنی تحویل میں نہیں لی اس سوال پر کہ کیا حکومت حاکم علی زرداری کو جو ان دنوں لندن میں ہیں واپس لانے کی کوشش کرے گی تو وزیراعظم نے کہا کہ وہ یہ معاملہ حاکم علی زرداری پر چھوڑتے ہیں اگر وہ بے گناہ ہیں تو واپس آکر تحقیقات کا سامنا کریں۔

انہوں نے کہا کہ نگراں حکومت جمہوری روایات کو آگے بڑھانے کا عزم رکھتی ہے کسی کو اس بارے میں شک نہیں ہونا چاہیے مگر اس کے ساتھ ہی ایسے عناصر جواب دہی سے بچ نہیں سکیں گے جنہوں نے گزشتہ بیس ماہ کے دوران سرکاری خزانہ کو لوٹا اور بدعنوانیاں کیں موجودہ نگراں حکومت پورے ملک خصوصاً سندھ میں امن و امان بحال کرنے پر خصوصی توجہ دے گی اس سوال پر کہ کیا ان کی حکومت سندھ میں امن کی بحالی کے لیے آئین کے آرٹیکل ۲۴۵ کے تحت فوج کو استعمال کرے گی وزیراعظم نے کہا کہ وہ عوام کی حفاظت اور سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے کسی بھی اقدام میں پس و پیش نہیں کریں گے۔ وہ جلد ہی عوام سے رابطہ کے لیے سندھ سمیت پورے ملک کا دورہ کریں گے تاہم غیر ملکی دورہ پر نہیں جائیں گے کیونکہ ایسا کرنا ممکن نہیں ہے ایک سوال کے جواب میں جتوئی نے کہا کہ ان کا وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنا آئین کے تحت جمہوری قدم ہے کیونکہ جب اکثریت اپنے فرائض انجام دینے میں ناکام ہو جاتی ہے تو حزب اختلاف کو یہ فریضہ سونپا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ آئین کی پیداوار ہیں اور انہوں نے آئینی ضابطوں کے مطابق ذمہ داریاں سنبھالی ہیں چور دروازے سے برسراقتدار نہیں آئے ہیں وہ مرکز میں ایک وسیع البنیاد حکومت قائم کرنے کی کوشش کر رہے مگر اس کا مقصد انتخاب جیتنا نہیں صاف ستھری انتظامیہ فراہم کرنا ہے ان کی حکومت احتساب کا جو عمل شروع کر رہی ہے قانون کے مطابق ہوگا اس سوال پر کہ کیا ٹریبونل کے توسط سے احتساب کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ہم اس مقصد کے طریق کار کا تعین کر رہے ہیں کسی کے خلاف انتقامی کارروائی نہیں کی جائے گی

صرف ان لوگوں سے نمٹا جائے گا جو بدعنوانیوں اور لوٹ مار میں ملوث ہیں سابقہ حکومت کی جانب سے قانونی طور پر کی گئی تقرریوں کو نہیں چھیڑا جائے گا مگر جن کے تقرر میں سرکاری ضابطوں کی خلاف ورزی کی گئی تو انہیں بخشا نہیں جائے گا حکومت اس بات کی بھی تحقیقات کرائے گی کہ کیا نوکر شاہی کے ارکان بھی سیاستدانوں کے ساتھ بے قاعدگیوں میں ملوث تھے انہوں نے متعلقہ حکام کو اس سلسلہ میں ہدایات جاری کر دی ہیں۔ کشمیر کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم بھارت سے اچھے تعلقات کے خواہشمند ہیں اور اب تک اس ملک کے ساتھ تعلقات معمول پر رکھنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں تاہم انہوں نے کہا کہ جب تک مسئلہ کشمیر ریاست کے عوام کی خواہشات کے مطابق حل نہ ہو حقیقی امن قائم نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہر چند کہ ان کی کابینہ کے پاس وقت بہت کم ہے مگر ہم عوام کی ضروریات پر بھرپور توجہ دیں گے اور ان کی توقعات پوری کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے انہوں نے اس رائے سے اتفاق کیا کہ تمام ضروری اجناس کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے اور وہ عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہیں انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت غریب عوام کی مشکلات سے بخوبی آگاہ ہے ۔ ان کے ازالہ کی کوشش کرے گی۔

بنیادی حقوق

ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ملک میں ہنگامی حالت نافذ کیے جانے کے باوجود عوام کے بنیادی حقوق معطل نہیں کیے گئے ہیں ایک اور سوال کے جواب میں مصطفیٰ جتوئی نے کہا کہ وہ سی او پی کے ساتھیوں سے ایک انتخابی اتحاد کی تشکیل کے بارے میں تبادلہ خیال کریں گے تاکہ آئندہ انتخابات مشترکہ طور پر لڑے جا سکیں انہوں نے کہا کہ سی او پی اس وقت موجود نہیں مگر اس کے رہنماؤں سے ان کا رابطہ ہے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں ایف آئی اے اور ڈی آئی جی کے دفاتر کا ریکارڈ سربمہر کر دیا گیا ہے تاکہ سابق حکومت کی بدعنوانیوں کی رپورٹیں محفوظ رہ سکیں۔ بعض افراد کے ملک سے باہر جانے پر پابندی سے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت بعض افراد کے معاملات کا جائزہ لے رہی ہے جن پر بدعنوانیوں کے الزامات ہیں یہ کارروائی سیاسی بنیاد پر نہیں کی جا رہی۔

Leading you to successful transaction in Pakistan, China and Singapore.

Pacific International Line Singapore

provides regular liner service, and serves you in Pakistan through Delta Shipping (Pvt) Ltd.

We congratulate the people of China on their National Day.

Delta Shipping (Pvt.) Ltd.

State Life Building, No. 1-B, I.I. Chundrigar Road, Karachi.
Tel: 2417658/9 - 2417672/3 Telex: 2769 DELTA PK and 25107 DELCO PK.
For cargo bookings please contact our Marketing Dept. or Freight Brokers.

MNJ

جرأت مند سیاسی و روحانی نوجوان رہنما

پیرزادہ نبی الامین پیر آف مانکی شریف



صوبائی وزیر اوقاف صوبہ سرحد کا تعارف

صوبہ سرحد کو پاکستان کے ساتھ ملانے میں ہمارے والد حضرت محمد امین الحسنات کا بہت زیادہ ہاتھ ہے ان کی کوششوں کی وجہ سے مشائخ کی بہت بڑی تعداد نے قائد اعظم محمد علی جناح کا کھل کر ساتھ دیا۔ میرے خیال میں قائد اعظم کسی گاؤں میں گئے ہیں تو وہ مانکی شریف ہے۔ جس وقت قائد اعظم مانکی شریف آئے تھے ہمارے والد صاحب نے اُن سے عہد لیا تھا کہ آپ وعدہ کریں اگر پاکستان بن گیا تو یہاں شریعت کا قانون ہو گا اس وعدہ پر میرے والد محترم نکلے اس وقت ہمارے آستانے کے مریدین تیرہ لاکھ سے زائد تھے میرے والد صاحب نے سرحد کی عوام کو ساتھ لے کر زبردست جدوجہد کی تحریک پاکستان میں تاریخی کام کیا جب پاکستان بن گیا وزیر اعظم پاکستان خان لیاقت علی خان نے کئی مرتبہ میرے والد صاحب کو وزارتوں کی پیشکش کی انہوں نے یہ کہہ کر ٹھکرا دی کہ میرا آستانہ ان وزارتوں سے زیادہ باعزت ہے سیاست میں جو حصہ لیا تھا یہ اسلام کے نفاذ کے لئے تھا اب بھی ہماری یہی کوشش ہے کہ جس مقصد کے لئے پاکستان بنایا گیا تھا اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے ہم بھی اپنی کوششیں کریں۔ تاریخ گواہ ہے کہ میرے والد نے سیاست نظام مصطفےٰ شریعت محمدیؐ کے لئے کی تھی کسی قسم کے عہدے یا فائدے کے لئے نہیں کی تھی۔ ہمیں بھی سیاست بزرگوں سے وراثت میں ملی ہے۔ ہم کوشش کریں گے جتنا ہم سے ہو سکا ہم قوم کی خدمت کریں۔

میرا تعارف کچھ یوں ہے۔

میں ۱۰ اگست ۱۹۵۷ء میں پیدا ہوا انٹرمیڈیٹ تک تعلیم مانکی شریف میں حاصل کی۔ بی اے نوشہرہ سے کیا۔ زیادہ تعلیم اس لئے نہ حاصل کر سکا کہ مجھے بچپن ہی سے مختلف کیسوں کی پیروی کرنا پڑی۔ خاندان نے فیصلہ کیا کہ میں بلدیہ کے الیکشن میں کھڑا ہوں۔ یقین جانئے روح الامین کی بداعمالیوں کی وجہ سے ہمیں اپنی عزت کو بحال کرنے کے لئے اپنے گاؤں میں الیکشن کی ضرورت محسوس ہوئی۔ پورے خاندان والوں نے ایڑی چوٹی کا زور لگا کر بلدیاتی سیٹ جیتی تھی۔ اس کے بعد دوبارہ بلدیاتی الیکشن جیتا بعد میں یونین کونسل مانکی شریف کا چیئرمین منتخب ہوا۔ صوبائی الیکشن میں حصہ لیا قومی اسمبلی کے الیکشن میں ۲۴ ہزار ووٹ حاصل کئے یہ الیکشن ہم نے جیت جانا تھا ہمارے مخالفین نے اخبارات میں بڑی سرخیاں لگوا دیں پیر آف مانکی شریف کی کوٹھی کے اوپر چھاپہ مارا گیا ہے اور وہ ہیروئن میں گرفتار ہو گیا۔ اس غلط خبر کی وجہ سے میں ہار گیا۔ اس غلط خبر کی اشاعت پر اخبارات پر کیس چل رہا ہے۔

مسلم لیگ میں شامل ہونے کی بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم پیدائشی مسلم لیگی ہیں حالانکہ مجھے پیپلز پارٹی سمیت دیگر پارٹیوں سے بھی بہت آفر تھی کہ میں اُن کی طرف سے الیکشن میں حصہ لوں۔ میں نے ہار کو منظور کیا ہے لیکن پارٹی کو تبدیل نہیں کیا۔ میں پاکستان مسلم لیگ پشاور ڈسٹرکٹ کا چیف آرگنائزر ہوں۔ مسلم لیگ کو فعال بنانے کے لئے علاقائی سطح پر تنظیمیں آرگنائز کر رہا ہوں۔ ہمارے علاقے میں والد صاحب کی وجہ سے لوگوں کے ذہن بھی مسلم لیگ کی طرف ہیں۔

ہمارا عقیدہ ہے ملک کو قائم رکھنا ہے تو مسلم لیگ کا ذہن بھی ضروری ہے انشاء اللہ ہم مسلم لیگ کو عوامی اور فلاحی جماعت بنانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

■ ● ● ■

آئی جے آئی اپنے وزیر اعظم کا اعلان کرے



پریس کانفرنس

اخبارات کسی بھی معاشرے کی ضمیر کی آواز اور صحافی حضرات اپنے ملک و قوم کا ذہنی سرمایہ ہوتے ہیں۔ قوموں کے عروج و زوال میں اخبارات اور صحافیوں کا بہت بڑا کردار ہوتا ہے۔ کیونکہ قوم کی ذہنی رہنمائی اور کسی بھی نکتے پر اجتماعی قومی رائے مستحکم کرنے کا نازک ترین فریضہ انہی کی ذہنی کاوشوں کا مرہونِ منت ہوتا ہے۔ قوموں کے ابتلا کے دور میں یہ فرض اور زیادہ احتیاط اور یکسوئی کا حامل ہو جاتا ہے۔ انسان کی یہ جبلی کمزوری ہے۔ کہ وہ چیزوں کو ویسے نہیں دیکھتا جیسی وہ ہیں۔ بلکہ ایسے دیکھتا ہے جیسے دیکھنا چاہتا ہے۔ لیکن ایک صحافی چیزوں کو ویسے ہی دیکھتا ہے۔ جیسی وہ ہوتی ہیں۔ اور عوام کو بھی حقیقت کو حقیقت کے رنگ میں دکھاتا رہتا ہے اور یہی فطری رجحان ایک صحافی کو سوسائٹی میں ایک ممتاز مقام پر فائز کرتا ہے۔ اس وقت چونکہ قوم ایک شدید ابتلا کے دور سے گزر رہی ہے۔ اور قومی سطح پر ذرا سی غفلت بھی ملک و قوم کے مستقبل کو کسی دائمی مشکل سے دوچار کر سکتی ہے لہٰذا پیشہ ورانہ دیانت اور وقت کا تقاضہ ہے کہ پوری صحافی برادری ذاتی پسند و ناپسند سے بالاتر ہو کر صرف حقائق کی روشنی میں قوم کی رہنمائی فرمائے۔ تاکہ ہماری آئندہ نسلیں ہم سے بیزاری کی بجائے ہم پر فخر کر سکیں۔ آج ایک انتہائی اہم اور قومی مسئلے کی نشان دہی کیلئے آپ حضرات کو زحمت دی ہے۔ تاکہ آپکی وساطت سے قوم کو ایک سنگین سازش سے آگاہ کیا جا سکے۔ اور جمہوریت کے خلاف اس سازش کو روکا جا سکے۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ایک منتخب جمہوری حکومت کا تختہ الٹ دیا گیا ہے۔ اور بدقسمتی سے ملک ایک مرتبہ پھر ضیاء باقیات کے قبضے میں چلا گیا ہے۔ اور یہ لوگ اپنے غیر جمہوری اقتدار کو طول دینے کے لئے ضیاء الحق کی طرح قسم قسم کے حربے استعمال کرنے میں مصروف ہیں۔ ویسے تو اسلامی جمہوری اتحاد کے رہنماؤں کی ہر روش ذاتی منفعت اور شخصی اقتدار کے گرد گھومتی ہے۔ لیکن آج جس گھناؤنی سازش کے انکشاف کیلئے اس اجتماع کی ضرورت پیش آئی۔ اس سے ملک میں جمہوریت کے مستقبل کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے تاریک کرنے کی اسلامی جمہوری اتحاد کے رہنماؤں کی کوشش کو بے نقاب کرنا ہے۔ ان کا منصوبہ یہ ہے کہ انتخاب سے پہلے ایک منافقانہ اتحاد کے ذریعے ووٹروں کو اندھیرے میں رکھ کر انتخاب میں حصہ لینا وزیر اعظم کے عہدے پر کسی رہنما پر متفق نہ ہونا۔ اسمبلی میں جا کر ہارس ٹریڈنگ کے ذریعے ووٹ خرید کر وزیر اعظم کے عہدے پر قبضہ کرنا ہارس ٹریڈنگ کے ذریعے جمہوری عمل کو بدنام کرنا۔ تاکہ ملک میں دائمی مارشل لا کی راہ ہموار کی جا سکے۔ اور یہ ثابت کر دیا جائے کہ یہ ملک جمہوریت کے اہل نہیں لیکن ملک کے کروڑوں جمہوریت پسند عوام چند مفاد پرستوں کی اس خواہش کو کبھی پورا نہیں ہونے دیں گے۔ لہٰذا مستقبل میں ہارس ٹریڈنگ کا راستہ روکنے کیلئے عوام مطالبہ کرتے ہیں کہ اسلامی جمہوری اتحاد انتخابات سے پہلے وزیر اعظم کے عہدے کیلئے اپنے کسی امیدوار کا واضح اعلان کرے ووٹر ووٹ ڈالنے سے پہلے یہ جاننا چاہتا ہے۔ کہ اس کی جمہوری قوت اور ووٹ کی طاقت سے کون وزیر اعظم ہو گا۔ اندھیرے میں ووٹ حاصل کر کے دولت اور دھاندلی کے ذریعے کوئی ایسا شخص بھی وزیر اعظم بن سکتا ہے جو ووٹ دینے والوں کی پسند نہ ہو۔ اسلامی جمہوری اتحاد کی طرف سے وزیر اعظم کے عہدے کیلئے کسی امیدوار کا اعلان نہ کرنا جمہوریت کے خلاف ایک گھناؤنی سازش اور ووٹر کے ساتھ بہت بڑا فراڈ ہے۔ ہم یہ فراڈ نہیں ہونے دیں گے۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ اسلامی جمہوری اتحاد بلاتاخیر وزیر اعظم کے عہدے کیلئے اپنے امیدوار کا واضح اعلان کرے۔ تاکہ ہارس ٹریڈنگ کے راستے کو روکا جا سکے۔ اور دولت کے بل بوتے پر اقتدار پر قبضہ کرنے والوں کی حوصلہ شکنی کی جائے۔ اور عوام کو حق رائے دہی کی منزل سے بے خبر رکھ کر ووٹ حاصل کرنے کے اس بہت بڑے دھوکے سے بچایا جا سکے۔ جب تک قومی سیاست سے کاروباری ذہنیت کا خاتمہ نہیں کیا جائیگا۔ جمہوریت کا قافلہ گمراہ ہوتا رہے گا۔ اس عظیم مقصد کے حصول کیلئے ملک بھر کے صحافی بھائیوں کے تعاون کی ضرورت ہے ملک اور جمہوریت کا مستقبل آپ سے اپنا قومی کردار ادا کرنے کا مطالبہ کر رہا ہے۔ کہ آپ اپنے زورِ قلم سے قوم کو اس سازش کے مضمرات سے آگاہ فرمائیں تاکہ عوامی دباؤ کے ذریعے آمریت کی برسی منانے والوں کی حقیقت کھل کر عوام کے سامنے آ جائے اسلامی جمہوری اتحاد کے آمر پرست اور جمہوریت کش ٹولے نے وزیر اعظم کے عہدے کے سلسلے میں اگر اپنی منافقانہ خاموشی اختیار کئے رکھی تو پھر میں سارے ملک کا طوفانی دورہ کر کے اس سازش سے پوری قوم کو آگاہ کرنے کا فرض انجام دوں گا۔ بہت بہت شکریہ

محمد ارشد گھرکی



سندھ کے معروف سیاسی و سماجی رہنما ممتاز دانشور جناب شفیع محمدی آندو سے یوتھ انٹرنیشنل میگزین کے لئے کراچی سے حالاتِ حاضرہ پر ڈائری لکھا کریں گے۔

(ادارہ)



NFC

Worth its grain

Modern times are a true measure of expertise. Only the best have a chance to survive. By giving the optimum. By getting the optimum.

At NFC, we believe in that. Over the years, we have displayed an unwavering commitment to the cause of agriculture in Pakistan. To enhance the crop yield. To improve its quality. To better the lot of the farmer.

We believe that a piece of land can yield more, yield better, through a judicious use of fertilizers. To make that possible, NFC offers expertise in shape of agronomists and other professionals who provide free advice. Our experts help the farmer in a correct evaluation of his land requirements, and also guide him in making a right choice from amongst various kinds of fertilizers that NFC offers.

And to make it convenient for the farmer, NFC has the largest dealer network operating all over Pakistan, almost exclusively in the Northern Areas and Azad Kashmir.

NFC is trying to reach out to the farmer. Wherever he is. To work in unison with him. To give him the right advice. The right fertilizer. So that he could prosper. Pakistan could prosper.

NFC **Honouring a Commitment**

NFC.3.86

Danad

6 ستمبر
یوم دفاع پاکستان

۶ ستمبر

چاند اس رات بھی نکلا تھا مگر اس کا وجود
اتنا خوں رنگ تھا، جیسے کسی معصوم کی لاش

تارے اس رات بھی چمکے تھے مگر اس ڈھب
جیسے کٹ جائے کوئی جسمِ حسیں قاش بہ قاش

اتنی بے چین تھی اس رات مہک پھولوں کی
جیسے ماں، جس کو ہو کھوئے ہوئے بچے کی تلاش

پیڑ چیخ اٹھتے تھے امواج ہوا کی زد سے
نوکِ شمشیر کی مانند تھی جھونکوں کی تراش

اتنے بیدار زمانے میں یہ سازش بھری رات
میری تاریخ کے سینے پہ اتر آئی تھی

اپنی سنگینوں میں اس رات کی سفاک سپاہ
دودھ پیتے ہوئے بچوں کو پرو لائی تھی

گھر کے آنگن میں رواں خون تھا، گھر والوں کا
اور ہر کھیت پہ شعلوں کی گھٹا چھائی تھی

راستے بند تھے لاشوں سے پٹی گلیوں میں
بھیڑ سی بھیڑ تھی، تنہائی سی تنہائی تھی

تب گراں تابہ گراں صبح کی آہٹ گونجی
آفتاب ایک دھماکے سے افق پر آیا

اب نہ وہ رات کی ہیبت تھی نہ ظلمت کا وہ ظلم
پرچمِ نور یہاں اور وہاں لہرایا

جتنی کرنیں بھی اندھیرے میں اتر کر ابھریں
نوک پر رات کا دامانِ دریدہ پایا

میری تاریخ کا وہ بابِ منور ہے یہ دن
جس نے اک قوم کو خود اس کا پتہ بتلایا

آخری بار اندھیرے کے پجاری سن لیں
میں سحر ہوں، میں اجالا ہوں، حقیقت ہوں

میں محبت کا تو دیتا ہوں محبت سے جواب
لیکن اعدا کے لئے قہروقیامت ہوں میں

امن میں موجۂ نکہت مرا کردار سہی
جنگ کے دور میں غیرت ہوں، حمیت ہوں میں

میرا دشمن مجھے للکار کے جائے گا کہاں
خاک کا طیش ہوں، افلاک کی دہشت ہوں میں

(احمد ندیم قاسمی)

ریاض بٹالوی، ڈاکٹر مسکین علی حجازی، کرنل (ریٹائرڈ) مسعود احمد، قاضی سعید احمد، عبدالسعید قمر

معروف شخصیات کے تاثرات

یوم دفاع کے موقع پر

چھ ستمبر ہماری شناخت کا دن وہ دن ہے، جب ہم نے من حیث القوم اپنی سرحدوں کی حفاظت اور اپنی آزادی کو بچانے کا شعور اور ادراک حاصل کیا۔ وہ سترہ دن جب پوری قوم ایک سیسہ پلائی دیوار بن گئی اور تمام اختلافات ایک نہ ٹوٹنے والے اتحاد کے نیچے دب گئے۔ وہ لمحے جب ہماری مسلح افواج کے جوانوں نے ملک کے چپے چپے کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے۔ بیویوں نے اپنے سہاگ، ماؤں نے اپنے بیٹے اور بہنوں نے اپنے بھائیوں کی قربانیاں دے کر وطن کی مانگ سجائی اور ان بہادر جوانوں نے شجاعت اور دلیری کی نئی داستانیں رقم کیں۔ یہ دن ہماری قومی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہم اس دن کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے ان ولولہ انگیز لمحوں کی یاد دوبالا کرنے اور ان صحافیوں اور اہل قلم حضرات سے اپنی یادداشتیں رقم کرنے کی درخواستیں کیں کہ جنہوں نے اس جنگ کے کسی بھی پہلو کو قریب سے دیکھا اور اس جذبے سے واقف ہوئے جس نے ہماری قوم کو یہ جرات اور جوانمردی بخشی کہ اس نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کے بر محاذ پر دانت کھٹے کئے۔ ہم اپنے قارئین کے لیے ان کی یادداشتیں، تاثرات اور جذبات و احساسات اس مضمون میں قلم بند کر رہے ہیں۔

ریاض بٹالوی

ممتاز صحافی ریاض بٹالوی نے اپنی یادوں کو کریدتے ہوئے یہ کہا۔ "یہ کہانی بہت پرانی ہو چکی ہے پھر بھی ایسا لگتا ہے کہ چاند جیسے چہروں والے غازی شیر جوان ابھی ابھی ادھر سے گزرے ہیں۔ ان کی پیشانیاں چمک رہی تھیں، آنکھیں شعلہ جوالا تھیں اور سینے تنے ہوئے تھے وہ آندھی بن کر اٹھے تھے اور بگولوں کی طرح چھا گئے تھے۔ کبھی بجلی بن کر لپکتے تھے اور کبھی کڑک بن کر گرجتے تھے۔ سرحدوں کی طرف ان کے قدموں کی چاپ آج کانوں میں گونجتی ہوئی محسوس ہوتی ہے اور وہ آہن شکن بازو بھی آنکھوں سے معدوم نہیں ہوئے جو کبھی صفیں الٹتے تھے، کبھی مورچے ڈھاتے تھے اور کبھی محاذوں کو ادھیڑتے تھے۔ وہ تھپٹتے تھے پلٹتے۔ پھر جھپٹتے تھے۔ کہیں لہو سے دلاوری کی تاریخ مرتب کرتے تھے۔ کہیں زخموں سے دھرتی کی مانگ سجاتے اور کہیں شہادتوں کی تفسیریں بیان کرتے تھے اور ان میں وہ بھی تو تھے جنہوں نے اپنا آج ہمارے کل کے لیے قربان کر دیا۔

صبح کی سپیدی ابھی ملگجی تھی کہ مجھے دفتر سے بھارتی حملے کی اطلاع ملی اور ہدایت کی گئی کہ فوری طور پر محاذ کی طرف روانہ ہو جاؤں۔ میں نے جنگوں کی کہانیاں پڑھی تھیں، باتیں سنی تھیں لیکن میدان جنگ کو اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھا تھا۔ مجھے قطعی علم نہیں تھا کہ توپ و تفنگ، آہن بارود اور بموں اور گولیوں کی لڑائی کیسی ہوتی ہے۔ زندگی کا یہ نہایت ہی لرزہ خیز تجربہ تھا۔ میں نے پہلی بار کھیتوں میں دھواں اڑاتے ہوئے گولے گرتے دیکھے اور پہلی بار کلمہ طیبہ کا ورد کرنے والوں افسروں اور جوانوں کو موت سے متصادم ہوتے محسوس کیا اس جواں سال ٹینک سوار کی مسکراہٹ تو مجھے ابھی تک یاد ہے جسے دیکھ کر میں نے ہاتھ ملایا اور وہ آنکھوں سے دور اڑتی ہوئی راہوں کو گھورنے لگا۔

اور پھر زخموں سے چور ایک غازی دھوئیں کا سینہ چیرتے ہوئے نمودار ہوا اور ہنستے ہوئے "بولا وہ لہروں کی طرح آ رہے ہیں اور ہم نیم جان مچھلیوں کی طرح ان کا شکار کر رہے ہیں۔۔ اور وہ سنجیدہ صورت ایک افسر بھی تو تھا جس نے اپنے جنگی دستے کو میدان جنگ میں گھسنے سے پہلے رب ذوالجلال کے حضور دعا کے لے ہاتھ اٹھائے تھے، جوانوں اور کمانداروں کی بھیگی ہوئی پیشانیوں کو چوما تھا اور کہا تھا "آگے بڑھو میرے شیرو! وطن کی حرمت تمہیں پکار رہی ہے۔۔ مجھے وہ ضعیفہ اکثر یاد آتی ہے جو کسی سرحدی گاؤں کی رہنے والی تھی۔ اور محاذ سے صرف چند میل دور ایک کچے راستے پر اس انتظار میں بیٹھی تھی کہ ادھر سے کوئی فوجی جوان گزرے تو وہ اس کے بازو پر امام ضامن باندھے حالانکہ چاروں طرف گولے گر رہے تھے اور فضاؤں میں غضبناک طیاروں کا شور تھا۔ ایک لمبے تڑنگے مجاہد کو میں نے اس حالت میں دیکھا کہ خون میں لت پت تھا مگر بے ہوشی کی حالت میں مٹھیاں بھینچے ہوئے تھا جیسے دشمن پر جھپٹنے کی تیاری کر رہا ہو

دشمن نے لاہور کے محاذ پر اپنی پوری قوت سے بھرپور حملہ کیا تھا اور مقابل میں سرفروشوں کی تعداد بہت کم تھی اس کے باوجود ارض پاک کے باڑ کے پیچھے بیٹے اس کی راہ میں سیسہ پلائی دیوار بن گئے تھے۔ یہ وحشت ناک خبریں شہریوں کو بھی مل رہی تھیں کہ بھارت اپنے پورے گھمنڈ کے ساتھ پاکستان پر حملہ آور ہوا ہے اور سرحدوں پر پانچ ایک کا مقابلہ ہو رہا ہے۔ شہری مضطرب تھے، بے چین تھے، جوش و جذبے سے بھرے ہوئے تھے اور خالی ہاتھ محاذ کی طرف جا رہے تھے لیکن فوجی جوانوں نے انہیں یہ کہ کر روک دیا تھا کہ آپ لوگ اپنا اپنا مورچہ سنبھالیں ہم لڑ رہے ہیں اور لڑتے رہیں گے۔۔

ڈاکٹر مسکین علی حجازی

جناب ڈاکٹر مسکین علی حجازی جنگ ستمبر کی یادوں میں جھانکتے ہوئے کہتے ہیں۔

حملہ آوروں کو اپنی کامیابی کا اتنا یقین تھا کہ انہوں نے قلب پاکستان لاہور پر قبضہ کر لینے کی بیرونی ذرائع کو اطلاع دے دی تھی۔ بی بی سی نے دنیا کو خوشگوار حیرت کے ساتھ یہ بتایا تھا کہ بھارتی افواج لاہور پر قابض ہو چکی ہیں۔

اس وقت پاکستان کے محافظ لاہور سے اٹھارہ میل دور آگ اور لوہے کے اس طوفان کو روک چکے تھے جو دنیا کے فوجی ماہرین کی رائے میں رکنا ممکن نہیں تھا سنگ میل پر لاہور۔ ۱۸ میل کے درمیان کسی غازی نے اپنے یا کسی شہید کے خون سے (BLOODY) کا لفظ لکھ دیا اور بتایا کہ لاہور تک پہنچنے کے لیے خون کے اٹھارہ میل چوڑے دریا سے گزرنا ہو گا۔ جلد ہی یہ فاصلہ اور بڑھ گیا کیونکہ پاکستانی فوج نے حملہ آوروں کو پیچھے دھکیل دیا اور جنگ کو دشمن کے علاقے میں لے گئے۔ جب لاہور تک پہنچنے کی کوئی تدبیر کامیاب نہ ہوئی تو چونڈہ کی طرف سے بہت بڑا حملہ کیا گیا اس حملے میں اتنے ٹینک جھونکے گئے کہ فوجی ماہرین کے نزدیک دوسری عالمگیر جنگ میں "العالمین۔ کے معرکہ کی یاد تازہ ہو گئی۔ حملہ آوروں کے ٹینک سمندری لہروں کی طرح بڑھتے رہے مگر ملک کے جانباز محافظوں نے چونڈہ انکا مدفن بنا دیا۔

سمندر کی طرف پیش قدمی کرنے کی کوشش کی گئی اور فضائی حملے بھی ہوئے مگر پاکستان کی فضاؤں اور سمندروں کے محافظوں نے دشمن کی یہ کوشش ناکام بنا دی۔ جس سیبر طیارے کے ہواباز نے دشمن کے کئی حملہ آور طیارے مار گرائے تھے۔ وہ طیارہ استنبول چوک لاہور میں ایک قابل فخر یادگار کے طور پر موجود ہے۔ پاکستانی بحریہ نے دوارکا پر کاری ضرب لگائی دشمن نے نفسیاتی جنگ کا حربہ آزمایا، اور گمراہ کن پروپیگنڈے کی [illegible]کر دی، اپنا پورا زور لگایا مگر جب کوئی صورت نہ بن آئی تو جنگ بندی کے لیے کوششیں شروع کر دیں۔

یہ سترہ دن لاہور میں گزرے، جہاں توپوں کی گھن گرج صاف سنائی دیتی تھی۔ رات کو تو آتشیں گولے بھی صاف دکھائی دیتے تھے۔ فضا میں طیاروں کی گڑگڑاہٹ گویا معمول بنی رہی۔ ابتدائی دنوں میں بار بار خطرے کے سائرن بھی بجتے رہے۔ لیکن جنگ کے دنوں میں لاہور زندہ تر ہو گیا تھا۔ ان ایام میں تو جرائم پیشہ لوگوں نے بھی توبہ کر لی تھی۔ قانون شکنی، چوری چکاری کی کوئی معمولی سی واردات نہ ہوئی۔ فیکٹریوں کی پیداوار بڑھ گئی۔ کھیتوں میں زیادہ جانفشانی سے کام ہونے لگا۔ دفتروں میں بد عنوانی عنقا ہو گئی۔ رضاکارانہ طور پر دفاعی فنڈ جمع ہونے لگے۔ وطن کی محبت کے ایسے مظاہرہ دیکھنے میں آتے کہ بایدو شاید، ہر کوئی یہی کہتا تھا کہ ۱۹۴۷ء کے بعد ۱۹۶۴ء تک کے سفر میں جو جذبہ کہیں گم ہو گیا تھا، وہ قوم کو پھر سے مل گیا ہے۔ یہ وہ جذبہ تھا جس نے ایک شاعر کے خواب کو ممکن بنا دیا تھا۔ اس جذبہ نے ادب، صحافت، شاعری، موسیقی، فن سب کچھ پاکستانی بنا دیا۔ ستمبر ۶۵ء میں پاکستان کی فضاؤں میں جو نعرے اور ترانے گونجے، وہ جب بھی گونجیں گے یہ قوم ناممکن کو ممکن بنا دے گی۔

کرنل مسعود احمد (ریٹائرڈ)

آئی ایس پی آر کے سابق ڈائریکٹر کرنل (ریٹائرڈ) مسعود احمد نے ۱۹۶۵ء کی جنگ کے بارے میں اپنے تاثرات قلم بند کرتے ہوئے کہا۔

جنگ ستمبر کو تصور میں لاتے ہوئے اس بوڑھی دیہاتی عورت کا اکثر خیال آتا ہے جو اگلے مورچوں پر جانے والے فوجیوں کھانے پینے کی اشیاء پہنچانے کے لیے چھمب کو جانے والے کانوائے روٹ پر کھڑی تھی۔ میں ایک پریس پارٹی کو چھمب جوڑیاں سیکٹر لے کر جا رہا تھا۔ گرد و غبار کے گہرے بادلوں کو چیرتے ہوئے جو بڑی تعداد میں فوجی ٹرکوں کی مسلسل آمدورفت نے تمام راستے میں پھیلا رکھے تھے۔ وہ بڑھیا چنگیری میں روٹیوں کا ڈھیر اور گڑ لئے لپکتی ہوئی ہمارے ٹرک کے پاس پہنچی اور بڑی محبت سے کہا۔ "میرے بچو! میری چنگیر سے بھی کوئی چیز قبول کر لو۔ جب اس نے دیکھا کسی نے اس کی طرف توجہ نہیں دی تو اس نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ "میرے بیٹو! اگر تم کوئی چیز نہیں لیتے تو خدا کے لیے کم از کم میری ان روٹیوں کو اپنے ہاتھ تو لگا دو۔۔ یہ سن کر میری آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ جب میں نے ذرا جھک کر دو روٹیاں اٹھائیں تو اس بڑھیا کے افسردہ چہرے پر یک لخت طمانیت کی ایک لہر دوڑ گئی۔

وہ بڑھیا ان گنت گمنام اور بے شمار پاکستانی مردوں اور عورتوں میں سے ایک تھی جو اگرچہ محاذ جنگ پر لڑائی میں تو حصہ نہ لے سکے مگر کسی نہ کسی رنگ میں اپنا کردار ادا کر رہے تھے۔ قوم جنگ لڑ رہی تھی اور اس کے بوڑھے اور گھبرو جوان اس میں بڑی ہمت سے بھرپور حصہ لے رہے تھے۔ اگرچہ کہ ابھی تک ہمیں یہ معلوم کرنا باقی تھا کہ عوامی قوت کے اس وسیع سمندر کو ہم مثبت مقاصد میں کس طرح اور کیونکر استعمال کریں۔

دیہات کے لوگوں کو قومی شاہراہوں کے ساتھ ساتھ گارڈ ڈیوٹی انجام دینے کو کس نے کہا تھا؟ پریس پارٹی کو محاذ پر لے جانے کے لئے مجھے اکثر راتوں کو سفر کرنا پڑتا تھا۔ ڈرائیور کبھی ایک سیکنڈ کے کچھ حصے کے لئے گاڑی کی بتیاں روشن کر دیتے تو ارد گرد کی تاریکیوں سے جھٹ شور بلند ہو جاتا اور اسے کہا جاتا کہ وہ بتی فوراً بند کر دے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ سڑک کے ایک ایک انچ پر لوگ موجود ہیں اور اس کی حفاظت کر رہے ہیں۔ کسی شخص نے انہیں نہیں کہا تھا کہ وہ اس طرح چوکس رہیں اور کوئی بھی ان کے آپریشنز کی نگرانی کرنے والا نہیں تھا۔ شاید کبھی عوامی جذبات کے ان مظاہروں کی اہمیت ہم پر واضح ہو جائے۔

قاضی احمد سعید

پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن کے سابق ڈائریکٹر قاضی احمد سعید چھمب جوڑیاں محاذ کا دورہ کرنے والی پریس پارٹی کے رکن تھے۔

انہوں نے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا۔ "محاذ کے راستے پر فوجی قافلے، ٹینک اور بڑی توپیں آ جا رہی تھیں۔ گرد و غبار اس قدر تھا کہ صحیح دکھائی نہیں دیتا تھا۔ ہمارے ٹرک آہستہ آہستہ چل رہے تھے۔ آسمان پر جنگی طیاروں کی نقل و حرکت بھی جاری تھی۔ ایسے پرخطر ماحول کے باوجود دیہات کے لوگ بے مثال خود اعتمادی سے اپنے معمول کے کام کاج میں مصروف تھے۔ یہ منظر دیکھ کر ملکی اور غیر ملکی صحافی بے حد حیران ہوئے۔ راستے کے دونوں طرف مرد نوجوان، بوڑھے اور بچے والہانہ انداز میں فوجی جوانوں کا استقبال کر رہے تھے۔ اکثر انہیں شربت اور کھانا وغیرہ پیش کرنے کے لئے بیتاب نظر آتے۔ مائیں اور بہنیں بھی دروازوں کی اوٹ سے وطن کے سجیلے جوانوں کو اپنی دعاؤں کا نذرانہ پیش کر رہی تھیں۔ یہ مناظر دیکھ کر مجھے یقین ہو گیا کہ دشمن خواہ کتنا ہی اسلحہ اور نفری لے آئے مسلمان قوم کا بچہ بچہ آزادی کے لئے جان لڑا دے

گا۔ میرے ساتھ فوجی ٹرک میں بیٹھے ہوئے غیر ملکی صحافی بار بار کہتے تھے کہ بھارت تم سے رقبہ، آبادی اور اسلحہ میں کئی گنا زیادہ ہے، تم کس طرح اس کا مقابلہ کرو گے؟ میں نے جواب میں صرف اتنا کہا کہ عوام کی ایسی خود اعتمادی اور جان نثاری کا جذبہ تم نے کہیں دیکھا ہے؟ مسلمانوں کا جذبہ ایماں ایسا ہتھیار ہے جس کا ہمارے حریف کے پاس کوئی جواب نہیں۔

پاک فوج کی پیش قدمی روکنے کے لئے بھارتی جنگی طیارے بار بار حملہ آور ہود ہے تھے جن کے باعث صحافیوں کو درختوں تلے پناہ لینا پڑی۔ بھارتی طیاروں نے کوئی ندی کو عبور کرنے والی متعدد گاڑیوں پر راکٹ اور گولیوں کی بوچھاڑ کی۔ ایک حملے میں پاک فوج کے ایک میجر اور ایک جوان شہید ہو گئے۔ اس سانحے کے بعد مصروف عمل فوجیوں کے حوصلے مزید بلند ہو گئے۔ یوں لگتا تھا کہ خاکی وردی میں ملبوس ہر شخص شہادت کا آرزو مند ہے۔

عبدالسعید قمر

پاکستان پریس انٹر نیشنل کے عبدالسعید قمر کو جنگ ستمبر کے دوران میں چھمب جوڑیاں، کھیم کرن اور سیالکوٹ میں محاذ جنگ کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر پاکستان کو لاہور اور سیالکوٹ کی جانب سے خطرات پیش نہ ہوتے تو چھمب کی جانب سے بڑھنے والی فوج اکھنور تک پہنچ کر دم لیتی۔ دشمن کی عددی برتری کی وجہ سے ہمارے فوجی دستوں کو ایک محاذ سے دوسرے محاذ پر تبدیل کرنے کا عمل جنگ کے دوران جاری رہا۔ پاکستانی فوج کی دشمن کے مقابلے میں عددی کمی کا ذکر صدر ایوب خاں نے سیز فائر کے بعد کئی بار کیا۔ چھمب پر ہمارا حملہ پیشہ ورانہ مہارت کا بہترین نمونہ تھا۔ اس کی شدت کا اور کامیابی کا اندازہ بھارتی فوج کے چھوڑے ہوئے سازوسامان سے ہو سکتا ہے جس میں پچیس پونڈ کی توپیں اور ٹینک وغیرہ شامل تھے۔

کلیم عثمانی

پیامِ قائدؒ

یہ وطن تمہارا ہے تم ہو پاسباں اِس کے
یہ چمن تمہارا ہے تم ہو نغمہ خواں اِس کے
اِس چمن کے پھولوں پر رنگ و آب تم سے ہے
اِس زمیں کا ہر ذرہ آفتاب تم سے ہے

یہ فضا تمہاری ہے بحر و بر تمہارے ہیں
کہکشاں کے یہ جادے استعارے تمہارے ہیں
اِس چمن میں تم سب ہو برگ و بار کی صورت
یہ وطن مقدس ہے ماں کے پیار کی صورت

ارضِ پاک مرکز ہے قوم کی امیدوں کا
اِس زمیں کی مٹی میں خون ہے شہیدوں کا
دیکھنا گنوا نا مت دولتِ یقیں لوگو
یہ وطن امانت ہے اور تم امیں لوگو

میرِ کارواں ہم تھے روحِ کارواں تم ہو
ہم تو صرف عنواں تھے اصل داستاں تم ہو
تفرقوں کے دروازے خود پہ بند ہی رکھنا
اِس وطن کے پرچم کو سر بلند ہی رکھنا

صدیق القادری
ایڈیٹر انچیف یوتھ انٹرنیشنل
میگزین بلاول ہاؤس
کراچی میں پیپلز پارٹی
کراچی کے ممتاز رہنما

جناب راشد ربانی
کے ساتھ گفتگو
کرتے ہوئے۔

مسلح افواج کے
بارے میں قائدِاعظم کا

یوم دفاع کے موقع پر بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے ان خیالات کا ذکر کیا جائے تو بے جا نہ ہوگا جن کا اظہار وہ اپنی مسلح افواج کے بارے میں اکثر و بیشتر کرتے رہتے تھے۔ اگر ہم ان خیالات کا بغور جائزہ لیں تو معلوم ہوگا کہ قائداعظم مسلح افواج کے جری سپوتوں کو کس طرح عزیز رکھتے تھے۔ اگرچہ کسی بھی ملک کا دفاع کرنا پوری قوم کی ذمے داری ہوتی ہے لیکن مسلح افواج نے ہمیشہ اپنی مقدس سرحدوں کے محافظوں اور ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان کے معرض وجود میں آنے کے بعد سے لے کر آج تک پاکستان کی مسلح افواج نے تمام تر مشکلات اور رکاوٹوں کے باوجود مادر وطن کا بھرپور دفاع کیا ہے اگرچہ ان تمام معرکوں میں دشمن کو عددی برتری حاصل تھی لیکن انمٹ جذبہ جہاد سے سرشار ہماری مسلح افواج نے وقت کی آواز پر لبیک کہا اور دفاع وطن کا فریضہ بخوبی سرانجام دیا

قائداعظم محمد علی جناح نے برصغیر جنوبی ایشیا کے مسلمانوں کے لئے ایک علاحدہ وطن قائم کر کے دنیا کی تاریخ میں منفرد مقام حاصل کیا۔ وہ اس بات کو بخوبی سمجھتے تھے کہ پاکستان جیسی نوزائیدہ مملکت کی بقا صرف اسی صورت ممکن ہے جبکہ اس کا دفاع مضبوط ترین ہو۔ ان کا یہ پختہ یقین تھا کہ ان کی حکومت کی اولین ذمے داری یہ ہے کہ پاکستان کو اس قدر مضبوط بنا دیا جائے کہ وہ کسی بھی جارحیت کا موثر جواب دے سکے ۲۱ فروری ۱۹۴۸ء کو پاک فوج کے افسروں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ارشاد فرمایا:۔

"یہ قدرت کا اٹل قانون ہے کہ جو بہترین فاتح رہتا ہے باقی مرجاتے ہیں۔ ہمیں ثابت کرنا ہے کہ ہم اپنی حاصل کردہ آزادی کو قائم و دائم رکھنے کے قابل ہیں۔

قائداعظم بنیادی طور پر ایک امن پسند انسان تھے۔ وہ کسی مقصد کے حصول کے لئے تشدد یا جارحیت پر یقین نہیں رکھتے تھے۔

۱۹۴۸ء کے اوائل میں آرمی کے افسروں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری اس سے بڑھ کر اور کوئی خواہش نہیں کہ ہم خود بھی امن کے ساتھ رہیں اور دوسروں کو بھی امن کے ساتھ رہنے دیں اور اپنے ملک کو کسی بیرونی مداخلت کے بغیر اپنے حقوق کے مطابق ترقی سے ہمکنار کریں اور عام آدمی کا معیار زندگی بہتر بنائیں لیکن تنازعات کو روکنے اور بلاامتیاز امن کو یقینی بنانے کے اہل ایک بین الاقوامی ادارے کی حیثیت سے اقوام متحدہ کی اہلیت پر یقین اور امن کے بارے میں اپنے عہد کے ساتھ رہیں۔ انھیں اس ضرورت کا بھی شدت سے احساس تھا کہ پاکستان کو فوجی اور دفاعی لحاظ سے ناقابل تسخیر بنا دیا جائے۔ ۲۳ جنوری ۱۹۴۹ء کو بحری جہاز دلاور کے جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے فرمایا "اقوام متحدہ کا ادارہ خواہ کتنا مضبوط کیوں نہ ہو اپنے ملک کے دفاع کی بنیادی ذمے داری ہم پر عائد ہوگی اور پاکستان کو ہر قسم کی صورت حال اور خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔۔

امن کے ساتھ رہنے کے قابل ناقابل تسخیر دفاعی نظام کی بنیادی اور اہم ضرورت پر زور دیتے ہوئے انہوں نے "دلاور" کے نوجوانوں سے فرمایا "اس بے ثبات دنیا میں کمزور اور دفاع سے محروم اقوام ہمیشہ دوسروں کی جارح نظروں کا لالچ بنی رہتی ہیں۔ ہم امن کی صورت میں بہتر طور پر خدمت کر سکتے ہیں۔ ہم دوسروں کی اس غلط فہمی کا تدارک کریں کہ ہم کمزور ہیں اور ہم کو جارحیت کا نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ ہم دوسروں کے ان مکروہ عزائم کا اسی وقت تدارک کر سکتے ہیں۔ اگر ہم خود کو اس قدر مضبوط بنا سکیں کہ کوئی ہمارے خلاف جارحیت کا ارتکاب کرنے کی جرات نہ کر سکے۔ یہ وہ فلسفہ تھا جس پر بابائے قوم نے اپنی حیات میں جب بھی مسلح افواج کے ارکان سے بات چیت کی، ہمیشہ اس پر زور دیا۔

آزادی کا تحفظ صرف اسی صورت ممکن ہے کہ وہ لوگ جنہیں اس کی ذمہ داری سونپی گئی ہے، نظم و ضبط، مکمل وفاداری اپنے فرض سے بے لوث لگن اور جسمانی اہلیت سے پوری طرح مرصع ہوں۔ اور یہی وہ لازمی خوبیاں ہیں جو ایک اچھا سپاہی بننے میں مدد دیتی ہیں۔ ۱۵۔ اکتوبر ۴۷ء کو فوجی افسروں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوئی شخص ہمیشہ عظیم خوبیوں کے بارے میں نہیں سوچ سکتا۔ اور وہ بلاشبہ بد قسمت انسان ہوگا اگر وہ خوبیوں اور صلاحیتوں کے تجربے میں کھو جائے۔ یہ خوبیاں ہمارے اس ایک واحد جملے میں پنہاں ہیں "اپنی رجمنٹ سے وفاداری اور آپ کے پرچم ایک علامت ہیں اور اس بات کی یاد دلاتے ہیں کہ آپ کی رجمنٹ کا کیا مقصد ہے۔ بعینہ جس طرح آپ کا وجود اپنی قوم کے لئے ہے۔

قائداعظم اپنے خیالات کے لئے زبانی جمع خرچ پر یقین نہیں رکھتے تھے۔ انہوں نے اپنے خیالات کا چند نپے تلے الفاظ میں لیکن پر زور طریقے سے اظہار کیا اور مسلح افواج پر واضح کیا کہ وہ ان میں ہر ایک سے جس بات کی توقع کرتے ہیں، وہ یہ ہے کہ وہ اپنی متعلقہ رجمنٹ اور بلاشبہ اپنی قوم سے وفادار رہیں، ہر موقع پر انہوں نے مسلح افواج کے تینوں بازوؤں کی نہ صرف تعریف کی بلکہ ان کے لئے کچھ رہنما اصول بھی فراہم کئے۔ جب انہوں نے بکتر بند کور کو فوج کا ہراول دستہ قرار دیا اور ماضی کے گھڑسوار دستوں سے اس کا موازنہ کیا تو انہوں نے انکی فوجی اہمیت کا اعتراف کیا۔ انہوں نے کہا کہ صبر و تحمل، بردباری اور ٹکرانے کی قوت ماضی میں گھڑسواروں کے خاص اوصاف تھے۔

رسالپور میں ۳ آرمرڈ بریگیڈ کے ہیڈکوارٹر کے دورے کے دوران انہوں نے افسروں اور جوانوں سے فرمایا کہ کیولری کو کسی

بھی توم کی اعلیٰ ترین کور تصور کیا جاتا ہے۔ انہوں نے دوسری جنگ عظیم میں اس بریگیڈ کی کامیابیوں اور کارناموں کو سراہا اور یاد دلایا کہ کس طرح اس بریگیڈ نے ۱۴ آرمی کی مانی پور روڈ سے رنگوں کی طرف پیش قدمی میں ہراول دستے کا کردار ادا کیا۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ آپ کے بریگیڈ مشہور ۱۴ آرمی کا جو بیج لگا ہے، آپ کے کارنامے واقعی اس کے اہل ہیں۔ انہوں نے بریگیڈ کی اس لحاظ سے تعریف کی کہ حصول آزادی کے بعد آٹھ ماہ کی مختصر مدت میں کس طرح اس نے اپنے آپ کو منظم کیا۔ حالانکہ اس دوران اسے کئی قسم کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اور نہ صرف مشرقی پنجاب اور دوسری ریاستوں میں رکے ہوئے لوگوں کو نکالنا بلکہ اپنی سرحدوں کے اندر امن وامان بھی قائم رکھا، انہوں نے کہا یہ ایک ایسی کامیابی ہے جس کا انحصار بلند حوصلہ، وفاداری اور اپنے فرائض سے بے لوث لگن پر ہے انھوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ بریگیڈ ہمیشہ مشکل ترین فرائض انجام دینے کے لئے خود کو ہمیشہ ہر وقت تیار رکھے گا۔ اسی روز نوشہرہ میں پاکستان آرمڈ کور سنٹر کے افسروں اور جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے بابائے توم نے فرمایا کہ پاکستان کو عملی طور پر بکتر بند کور کے میدان میں بالکل نئے سرے سے تربیت شروع کرنا پڑی۔ انہوں نے فرمایا کہ لازمی امر ہے کہ پاکستان میں ایک ترجیحی ادارہ جلد از جلد قائم کرنے کے اقدامات کئے جائیں تاکہ ریکروٹوں کی بھرتی ہو اور ان کی تربیت بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رہے اور مختلف رجمنٹوں کے کورسز بھی جاری رہیں۔ انہیں اس کا بخوبی احساس تھا کہ کسی بھی جنگ کی ملکی افواج میں کیولری کی اہمیت ہے۔ اس لئے انھوں نے فرمایا کہ اس کور میں بہترین افسر اور جوان شامل کئے جائیں لیکن ان کے ترقی کرنے کا دارومدار ان کی تربیت پر منحصر ہے جو فوج کے اس شعبے کے افسروں اور جوانوں کو دی جاتی ہے اور اسی تربیت پر آرمڈ کور کی مجموعی کارکردگی کا انحصار ہے۔

۱۳ اپریل ۱۹۴۸ کو قائد اعظم نے رسالپور اور نوشہرہ میں مسلح افواج کے یونٹوں سے خطاب کرتے ہوئے ایک مصروف دن گزارا۔

رائل پاکستان ائیر فورس اسٹیشن میں اپنی تقریر کے دوران انہوں نے اپنی قیمتی رائے کا اظہار کیا کہ کوئی بھی ملک ایک مضبوط فضائیہ کے بغیر ہمیشہ جارح کی مہم جوئی کا شکار رہے گا۔ انہیں اس حقیقت کا احساس تھا کہ پاکستان کی نوزائیدہ فضائیہ کو سفری جہازوں اور اسلحہ کی کمی کا سامنا ہے۔ انہوں نے فرمایا اگرچہ ان خامیوں کو دور کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ طیارے اور نفری چاہیے ان کی تعداد کتنی کیوں نہ ہو اس وقت تک بیکار ہیں اگر فضائیہ میں جذبہ اور نظم و ضبط کا فقدان ہو۔ انہوں نے فرمایا، میں چاہتا ہوں کہ آپ یہ بات ذہن نشین رکھیں کہ نظم و ضبط اور خود انحصاری کی بدولت پاکستان فضائیہ پاکستان کے شایان شان ہو سکتی ہے۔

انھیں بحریہ کی اہمیت کا بھی از حد احساس تھا اور چاہتے تھے کہ پاکستانی بحریہ یہ جان لے کہ اسے دفاع وطن میں ایک بڑا اہم کردار ادا کرنا ہے۔ انہوں نے بحریہ کو یاد دلایا کہ ان کا مرکز کراچی میں واقع ہے جو کہ نہ صرف مغربی پاکستان میں داخل ہونے کا راستہ ہے بلکہ دوسری اقوام کے جہاز بھی یہاں لنگر انداز ہوتے ہیں علاوہ ازیں یہ شہر مشرق سے مغرب تک فضائی راستہ بھی ہے۔ انہوں نے کہا پورے کرہ ارض کے لوگ کراچی سے گزر کے جاتے ہیں اور ساری دنیا کی نظریں آپ پر لگی ہوئی ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ آپ اپنے طرز عمل سے پاکستان کو کبھی نادم نہیں ہونے دیں گے بلکہ آپ اپنی سروس کی اعلیٰ روایات کو قائم رکھتے ہوئے پاکستان کو دنیا کی عظیم قوموں میں شمار ہونے کا اعزاز برقرار رکھیں گے

بابائے قوم اپنے نوزائیدہ ملک کی مسلح افواج پر کس قدر اعتماد رکھتے تھے اس کا اندازہ ان کے ان الفاظ سے لگایا جاسکتا ہے جو انہوں نے لڑاکا افواج سے خطاب کرتے ہوئے کہے۔ انھوں نے فرمایا "جب بھی آپ کو مادر وطن کے دفاع اور قوم کی سلامتی اور حفاظت کے لئے پکارا جائے گا تو آپ اسلاف کی دیرینہ روایات کو قائم رکھیں گے۔ مجھے یقین واثق ہے کہ آپ پاکستان کا جھنڈا بلند رکھیں گے۔ اور ایک عظیم قوم کی حیثیت سے اپنی عزت و وقار کو قائم و دائم رکھیں گے۔"

قائد اعظم مسلح افواج سے صرف دفاع وطن کے فریضے کے متقاضی نہ تھے بلکہ وہ محسوس کرتے تھے کہ ان کی ایک مقدس اور اہم ذمہ داری یہ ہے کہ وہ اپنے اس خطہ زمین پر اسلامی جمہوریت کے فروغ، اسلامی، سماجی انصاف اور مساوات انسانی جیسی قدروں کے پاسبان ثابت ہوں۔

آزادی سے پہلے بھی قائد اعظم مسلح افواج کے بارے میں ایسے ہی خیالات رکھتے تھے۔ یہاں یہ ذکر کرنا بے جانہ ہوگا کہ انہوں نے اپنی جوانی کے ایام میں نہ صرف دفاعی افواج کو منظم کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا بلکہ اس ضمن میں برٹش انڈین کورر جمنٹ کی طرف سے قائم کی جانے والی ذیلی کمیٹی کے صدر کے حیثیت سے بھی کام کیا۔

قائد اعظم دفاع وطن اور مسلح افواج سے متعلق صرف ایک فلسفے کے حامی نہ تھے۔ انھوں نے اس فلسفے کو حقیقت کا روپ بھی دیا انہیں اللہ تعالیٰ نے ایسی بصیرت سے سرفراز فرمایا تھا کہ انھوں نے ٹھیک وقت پر ٹھیک فیصلے کئے۔ بابائے قوم جانتے تھے کہ پاکستان متعصب ہندوؤں اور غیر ہمدرد انگریزوں سے چھینا گیا تھا اس لئے انہوں نے اسکے دفاع کو مضبوط بنانے کو ہر بات پر ترجیح دی۔ بد قسمتی سے موت کے ظالم ہاتھوں نے پاکستان قائم ہونے کے صرف ایک سال بعد ہی انھیں ہم سے چھین لیا اور اپنے اس مشن یعنی دفاع کو پورا کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے جو کہ ہمارے ملک کی بقا کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔

بابائے قوم کے یہ افکار مسلح افواج کے لئے ایک مشعل راہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ہماری افواج ان افکار کو عملی جامہ پہنانے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں اور قوم کو ان سے جو توقعات وابستہ ہیں وہ ان پر ہمیشہ پوری اتریں گی

پاک بھارت جنگ

پاکستان کی مسلح افواج عالمی پریس کی نظر میں

۔۔ دشمن (پاکستان) جس تیز رفتاری اور غیض و غضب سے تمام محاذوں پر لڑ رہا ہے، اس صورت حال کے پیش نظر بھارت کی تمام فوج کو پاکستانی علاقے میں پیشقدمی کرنا ہرگز آسان نہیں ہے۔

"ٹائمز آف انڈیا۔ بمبئی ۱۶ ستمبر ۱۹۶۵ء

اس قوم کو کون شکست دے سکتا ہے جو موت سے کھیلنا جانتی ہو۔ مجھے پاک بھارت جنگ کے بارے میں شاید کچھ یاد رہے یا نہ رہے لیکن میں اس فوجی افسر کی مسکراہٹ کبھی نہیں بھول سکتا جس کی مسکراہٹ نے مجھ پر یہ عیاں کر دیا کہ پاکستانی جوان کس قدر نڈر اور بہادر ہیں۔

پاکستان فوج کے جوانوں سے لے کر جنرل آفیسر کمانڈنگ تک تمام افراد آگ کے شعلوں سے اس طرح کھیل رہے تھے جس طرح بچے گلیوں میں گولیاں (بنٹے) کھیلتے ہیں۔ میں نے جنرل آفیسر کمانڈنگ سے سوال کیا کہ تعداد میں کم ہونے کے باوجود آپ بھارت والوں پر کس طرح قابو پاسکتے ہیں؟۔ اس نے مسکراہٹ کے ساتھ میری طرف دیکھتے ہوئے جواب دیا۔ "اگر حوصلہ، عزم، بہادری اور حب الوطنی کے عناصر کو خریدا جاسکتا تو بھارت امریکی امداد کے ساتھ ان عناصر کو حاصل کر سکتا تھا۔

لوئس کرن ٹائم میگزین ۲۲ ستمبر ۱۹۶۵ء

۔۔ پاکستانی فوجیوں سے مقابلہ کرنے والی پہلی بھارتی رجمنٹ جم کر مقابلہ نہ کر سکی۔ اور بھارت فوجی اپنا تمام سازوسامان، توپ خانہ، سپلائز دیگر سامان رسد اور اپنے اضافی کپڑے تک چھوڑ کر بھاگ گئے۔

"ٹاپ آف نیوز واشنگٹن ۶ - ۱۰ ستمبر ۱۹۶۵ء

۔۔ بھارت ایک فیصلہ کن کاروائی کے

پاکستانی فوج مختصر مگر اعلیٰ! تربیت یافتہ ہے

لیے بھاری بکتر بند جمعیت کے ساتھ آیا تھا لیکن پاکستان کی مسلح افواج ایک سیسہ پلائی دیوار بن گئیں اور دشمن کو زبردست نقصان پہنچایا

"دی انڈونیشین ہیرالڈ ۱۵ ۱۹۶۵ء

ہر درخت کے نیچے ایک یا دو جیپ چھپائی گئی تھیں جو کہ بزوکا راکٹوں سے لیس تھیں۔ دریں اثنا میدان جنگ سے واپس ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز پر پہنچنے والے پاکستانی فوجیوں نے بلند آواز سے فتح کا نعرہ لگایا۔

فضائی جنگ میں دونوں ممالک کی فوجوں میں وہی تناسب تھا جو زمینی جنگ میں تھا۔ بھارت جو عددی برتری حاصل تھی اور پاکستان کو صلاحیت۔ بیشتر فوجی مبصرین کا خیال ہے کہ لڑائی توقع کے مطابق لڑی گئی۔ مختصراً یہ کہا جاسکتا ہے کہ پاکستان کی مختصر لیکن اعلیٰ تربیت یافتہ فوج بھارتی فوج کی نسبت کئی گنا صلاحیت رکھتی ہے۔

(دی ویکلی، ۱۷ ستمبر ۱۹۶۵ء)

نشانِ حیدر
پانے والے
قوم کے
ہیرو!





جنگ ستمبر میں وطن کا دفاع کرنے والے اس شہید کا تذکرہ جس نے اپنے لہو سے فرض شناسی اور سرفروشی کی داستان رقم کی۔

میجر عزیز بھٹی شہید

"آرام کا تعلق جسم سے نہیں، احساسات سے ہوتا ہے۔ محاذ سے واپسی میرے لیے عذاب ہوگی"

نشان حیدر پاکستان کا اعلیٰ ترین فوجی اعزاز ہے جو بلاتفریق عہدہ ہر اس شخص کو دیا جاتا ہے جو انتہائی پر خطر حالات میں زمین، سمندر یا فضا میں دشمن کے خلاف فرض شناسی، بہادری اور شجاعت کا اعلیٰ ترین کارنامہ انجام دے۔

نشان حیدر پانچ کونوں والے ستارے کی شکل کا ہوتا ہے جس کے اندرونی دائرے میں چاند اور ستارہ ہیرے کا ہوتا ہے، باقی تمغہ توپ کی دھات کا بنا ہوا ہوتا ہے اور فیتہ سبز ریشمی کپڑے سے تیار کیا جاتا ہے جس کی چوڑائی ڈیڑھ انچ ہوتی ہے۔ تمغے کی پشت پر نشان حیدر پانے والے کا

"وردی اور کفن اپنا ہی سجتا ہے۔"

نام، پرسنل نمبر، مقام اور تاریخ شہادت کندہ ہوتی ہے۔ ملک کا یہ سب سے بڑا فوجی اعزاز حاصل کرنے والے یا اس کے ورثا کو پچاس ہزار روپے نقد یا پچھتر ایکڑ زمین دی جاتی ہے۔ کمیشنڈ افسروں کے علاوہ نشان حیدر پانے والوں کو ماہانہ نشان حیدر الاؤنس بھی دیا جاتا ہے۔

قیام پاکستان سے اب تک یہ اعلیٰ ترین فوجی اعزاز وطن عزیز کے لیے شہید ہونے والے جن افراد کو مل چکا ہے، ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں

۱۔ کیپٹن محمد سرور شہید
۲۔ میجر طفیل محمد شہید
۳۔ میجر عزیز بھٹی شہید
۴۔ پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید
۵۔ سوار محمد حسین شہید
۶۔ میجر شبیر شریف شہید
۷۔ میجر محمد اکرم شہید
۸۔ لانس نائک محمد محفوظ شہید

یوں تو ارض وطن کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے سبھی شہدا خراج تحسین و عقیدت کے مستحق ہیں اور قوم ان کی عظمتوں کو ہمیشہ سلام کرتی رہے گی مگر جنگ ستمبر کے حوالے سے ہم اس دعا کے ساتھ میجر عزیز بھٹی شہید کے حالات زندگی مختصر طور پر پیش کر رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمارے نوجوانوں بالخصوص طلبا کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

گجرات سے بھمبر جانے والے راستے کے بائیں جانب ایک چھوٹا سا گاؤں "لادیاں" واقع ہے۔ یہی گاؤں میجر عزیز بھٹی شہید کے آباؤ اجداد کا مسکن ہے۔ ان کے والد عبداللہ بھی اسی گاؤں سے حصول رزق کے لیے ہانگ کانگ گئے تھے۔ یہ ۱۹۱۱ء کی بات ہے وہ وہاں نیول پولس میں بھرتی ہوگئے مگر یہ ملازمت انھیں پسند نہ آئی تو انھوں نے ایک آدمی کے ساتھ مل کر ہندوستانی بچوں کے لیے پرائیویٹ اسکول کھول لیا۔ میجر عزیز بھٹی یہیں پیدا ہوئے تھے۔ ان کی تاریخ پیدائش ۶ اگست ۱۹۲۳ء ہے۔ انھوں نے میٹرک تک وہیں تعلیم پائی۔

قیام پاکستان کے بعد ۴۸ء میں انھوں نے فوج میں کمیشن کے لیے درخواست دی اور پہلے پی ایم اے لانگ کورس کے لیے منتخب ہوگئے۔ فروری ۱۹۵۰ء کو ان کی پاسنگ آؤٹ پریڈ ہوئی جس میں انہوں نے شمشیر اعزاز اور نارمن گولڈ میڈل حاصل کیا۔ اس پریڈ کے مہمان خصوصی پاکستان کے پہلے وزیر اعظم لیاقت علی خان تھے۔

۶ ستمبر ۶۵ء کو جب بھارت نے لاہور پر حملہ کیا، میجر عزیز بھٹی کمانڈنگ آفیسر کی حیثیت سے برطانیہ کی امپیریل ڈیفنس ٹیم کو لاہور کے تاریخی مقامات کی سیر کرانے والے تھے مگر جونہی حملے کی خبر ملی وہ فوراً ہی تاریخی سیر کے

کنارے واقع اپنی کمپنی پہنچ گئے۔ انھوں نے نہر کے مشرقی کنارے اپنی کمپنی کا ہیڈ کوارٹر قائم کیا اور جان کی پرواہ کیے بغیر دشمن کے ٹینکوں

> مجھے ان کی یاد آتی ہے
> تو ان کے کارنامے یاد
> کرتے لگتی ہوں، پھر آپ
> ہی آپ میرا ذاتی غم گہرے دل
> کی اتھاہ گہرائیوں میں
> دفن ہو جاتا ہے
>
> بیوہ میجر عزیز بھٹی
> شہید، نشان حیدر

اور انفینٹری کے حملے ناکام بناتے رہے۔ ان کے عقب میں نہر بی آر بی کا پل اڑا دیا گیا تھا اور انھیں بھی یہ ہدایت دی گئی تھی کہ وہ اپنی کمپنی کے ساتھ پیچھے آجائیں۔ ۱۰ ستمبر کو تمام جوانوں کو پیچھے بھیجنے کے بعد انھوں نے ایک ایسی کشتی کے ذریعے نہر عبور کی جس میں دشمن کی بمباری

کے باعث سوراخ ہو چکا تھا اور ایک جوان پاس میں بھر جانے والا پانی نکالتا رہا تھا

ان کے کمانڈنگ آفیسر کرنل محمد ابراہیم قریشی نے انہیں آرام کا مشورہ دیا تھا لیکن انھوں نے اپنے جوانوں کو چھوڑنا پسند نہ کیا ۱۱ ستمبر کو ایک کانفرنس کے بہانے انھیں پیچھے بلا لیا گیا جب وہ بٹالین ہیڈ کوارٹر پہنچے تو مسلسل ۱۲۰ گھنٹے جاگنے کے باعث ان کی آنکھیں سرخ اور متورم ہو چکی تھیں لیکن جب انھیں یہ معلوم ہوا کہ ان کو آرام کی غرض سے بلوایا گیا ہے تو انھوں نے کرنل قریشی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا "آرام کا تعلق جسم سے نہیں احساسات سے ہوتا ہے۔ محاذ سے واپسی میرے لیے عذاب ہوگی وہ اس یقین کے ساتھ محاذ پر معرکہ آرا تھے کہ لاہور کے لیے نہیں بلکہ اسلام کی خاطر برسرپیکار ہیں۔

۱۲ ستمبر کو جب اجالے میں اندھیرے کی آمیزش شامل تھی، میجر عزیز بھٹی نہر کے کنارے سے نیچے اترے، وضو کیا، نماز پڑھی پھر گرم پانی سے سر اور منہ دھویا اور کئی روز کے بعد کنگھی کی۔ ۶ ستمبر سے انھوں نے اپنی وردی بھی تبدیل نہیں کی تھی۔ انھوں نے دوسری وردی لانے کو کہا۔ دوسری وردی آئی تو پتا چلا کہ وہ ان کی نہیں ہے اور ایک آفیسر نے اپنی وردی انھیں بھجوائی ہے۔ اس پر انھوں نے کہا "وردی اور کفن اپنا ہی سجتا ہے۔

طلوع آفتاب کے بعد جب انھیں نہر کے پار دشمن کے ٹینک حرکت کرتے ہوئے نظر آئے تو انھوں نے اپنے توپ خانے سے ان پر

فائر شروع کر دیا۔ اسی دوران میں ایک گولہ ان کے سینے کو چیرتا ہوا پھیپھڑوں کے آر پار ہو گیا۔ یوں وطن عزیز کے جیالے نے داد شجاعت دیتے ہوئے جام شہادت نوش کیا اور اپنے لہو سے وہ داستان رقم کر گیا جو ہر محب وطن کو فرض شناسی کا درس دیتی رہے گی

پاک چین دوستی۔ زندہ باد

巴中友谊万岁

Heartiest Felicitations
to the people and the government of
CHINA
on the occasion of their
NATIONAL DAY

Pakistan General Traders
Marriot Road, Karachi. Phone 220440 Telex 25168 PGT PK

جنگ ستمبر میں شہید ہونیوالے شیر دل شاہین

دو ہوابازوں کی داستان

وہ ابھی ابتدائی جماعتوں میں تعلیم حاصل کر رہا تھا کہ اس نے بڑا ہو کر فوجی پائلٹ بننے کے خواب دیکھنا شروع کر دیے تھے۔ جب اسے یہ بتایا گیا کہ پائلٹ بننے کے لیے شاندار نمبروں سے امتحان پاس کرنا ضروری ہیں تو اس نے ساری توجہ اپنی تعلیم پر مرکوز کر دی اور شاندار نمبروں سے امتحان پاس کرتا رہا۔

تعلیم مکمل کرنے کے بعد اس نے ۱۹۵۱ میں پاک فضائیہ کے ایک ریکروٹنگ آفس میں درخواست دے دی اور تمام ضروری ٹیسٹ بھی کامیابی سے پاس کر لیے مگر میڈیکل ٹیسٹ میں اسے ناموزوں قرار دے دیا گیا۔ اس نے ریکروٹنگ آفیسر سے وجہ پوچھی تو اسے بتایا گیا "تمھاری ایک ٹانگ دوسری سے چھوٹی ہے۔۔

وہ اس بات سے مایوس نہ ہوا۔ اس نے اپیلیں دائر کیں اور بالآخر اپنی لگن میں کامیاب ہو گیا۔ تربیت کے دوران میں اس نے اپنے انسٹرکٹرز پر ثابت کر دیا کہ اس میں بہترین ہوا باز بننے کی صلاحیتیں ہیں۔ چنانچہ ہوا بازی کے امتحان میں بھی وہ شاندار طریقے سے کامیاب ہوا اور پاک فضائیہ کا پائلٹ بن گیا۔ اس ہوا باز کا نام علاؤالدین تھا جسے اس کے دوست "بچ" کہا کرتے تھے

۱۹۶۵ کی جنگ ستمبر میں علاؤالدین اسکواڈرن لیڈر بن چکے تھے۔ ان کی سربراہی میں بیس مہمیں روانہ کی گئیں۔ وہ ہر مہم میں کامیاب و کامران ہوئے چنانچہ ہر پائلٹ کی یہ خواہش ہوتی

کہ وہ ان کی کمان میں دشمن پر حملہ کرے۔ ایک روز یہ اطلاع ملی کہ گرداس پور سے پٹھان کوٹ کے لیے ایک ایسی ٹرین روانہ ہونے والی ہے جو جدید ترین اسلحے اور گولہ بارود سے لدی ہوئی ہے۔ اس ٹرین کو اڑانے کا فرض علاؤالدین کو سونپا گیا۔ وہ تین ساتھیوں کے ہمراہ گورداسپور کی طرف روانہ ہو گئے۔

وہ دردمند دل رکھنے والے بہادر انسان تھے لہٰذا ان کی کوشش بھی یہی ہوتی تھی کہ کسی حملے میں شہریوں اور ان کی املاک کو نقصان نہ پہنچے۔ آج بھی گرداس پور ریلوے لائن پر پہنچنے کے بعد جب انھیں ایک ٹرین دکھائی دی تو انھوں نے اپنے ساتھیوں کو حملہ کرنے سے

روک دیا اور جہاز کو غوطہ دے نیچی پرواز کرتے ہوئے ٹرین کا جائزہ لیا کہ وہ پسنجر ٹرین تو نہیں؟ وہ واقعی مسافر گاڑی تھی۔ انھوں نے اپنا طیارہ پھر فضا میں بلند کیا اور مطلوبہ ٹرین کو تلاش کرنے لگے جو انھیں مارشلنگ یارڈ کے قریب دکھائی دے گئی۔ انھوں نے اس ٹرین کا بھی بطور جائزہ لیا اور پھر فائرنگ شروع کر دی۔ ٹرین پر لدے گولہ بارود میں خوفناک دھماکا ہوا اور آسمان پر دھوئیں کا سیاہ بادل چھا گیا۔ اب انھوں نے ریڈیو پر ساتھیوں کو بھی حملے کا حکم دیا اور دوسری مرتبہ غوطہ لگا کر راکٹ اور اے پی آئی

گولیاں چلائیں تو ویگنوں میں دھماکے ہونے لگے اور فولادی سازوسامان کے ٹکڑے فضا میں بکھر گئے۔ علاؤالدین نے اپنا طیارہ اوپر اٹھایا مگر دہکتے ہوئے کچھ فولادی ٹکڑے ان کے سیبر طیارے سے بھی ٹکرائے۔ طیارے کو جھٹکا لگا۔ انھوں نے طیارے کا جائزہ لیا تو ہر چیز انھیں درست معلوم ہوئی۔ وہ پھر حملے کے لیے پر تولنے لگے انھوں نے اپنا طیارہ بلند کر کے اپنی تباہ کاری کا منظر دیکھا۔ صرف ٹرین ہی سے نہیں بلکہ مارشلنگ یارڈ کی کچھ عمارتوں سے بھی دھواں اٹھ رہا تھا۔ انھوں نے ریڈیو پر ساتھیوں کو بتایا "دھوئیں کی وجہ سے مجھے کچھ نظر نہیں آرہا۔ ممکن ہے کہ ٹرین کے کچھ ویگن بچ گئے ہوں۔۔

یہ بتا کر انھوں نے پھر طیارے کو غوطہ دیا اور دھوئیں کے بادلوں میں پہنچ گئے مگر انھیں کچھ نظر نہ آیا تو انھوں نے دوبارہ غوطہ لگا اور جلتی ہوئی ٹرین سے چند فٹ بلندی پر رہ گئے۔ اب انھیں بچے ہوئے ویگن دکھائی دے گئے۔ انھوں نے طیارہ بلند کیا اور راکٹوں سے ان ویگنوں کو نشانہ بنا دیا۔ ویگن ہولناک دھماکوں کے ساتھ پھٹ گئے اور بارود کی لہر اتنی تیزی سے اٹھی کہ زیادہ بلندی پر ان کے ساتھیوں کے طیارے بھی تھرتھرا گئے۔

علاؤالدین نے اپنا مشن پورا کر لیا تھا

دو ہوابازوں کی داستان

مگر اس مشن کی تکمیل میں ان کے طیارے کو اڑتے ہوئے فولادی ملبے سے نقصان پہنچا تھا اور کاک پٹ میں دھواں بھر گیا تھا۔ انھوں نے اپنے طیارے کا رخ پاکستان کی طرف موڑا اور ریڈیو پر اپنی فارمیشن کو بتایا "میرے کاک پٹ میں دھواں بھر گیا ہے۔۔ پھر کچھ دیر بعد انھوں نے کہا "اب سب کچھ ٹھیک معلوم ہوتا ہے۔۔۔۔ مگر یہ اس شہید کے آخری الفاظ تھے۔

پاک فضائیہ کا یہ شیر دل ہوا باز شہید ہو کر قوم کا سر بلند کر گیا تھا۔ اس کارنامے پر انھیں ہلال جرات دیا گیا۔

سرفراز رفیقی شہید

جنگ ستمبر کا پہلا فضائی معرکہ چھمب جوڑیاں سیکٹر میں ہوا تھا۔ اسکواڈرن لیڈر سرفراز رفیقی معمول کی پرواز پر تھے کہ انھیں ریڈیو پر بتایا گیا "دشمن کے طیارے ہمارے علاقے میں گھس آئے ہیں۔" یہ پیغام ملتے ہی انھوں نے طیارے کا رخ اس طرف موڑ دیا جدھر دشمن طیاروں کی نشاندہی کی گئی تھی۔ جلد ہی انھیں چار دیا گیا۔ وہ تین سیبر بمباروں کے ساتھ اپنے مشن پر روانہ ہو گئے۔ اگرچہ اس وقت موسم سازگار نہ تھا مگر وہ اپنے ساتھیوں کا حوصلہ بڑھاتے ہوئے ہدف تک لے آئے۔ اتنے میں دو ہنٹر طیارے ان پر حملہ آور ہوئے مگر ان کی قیادت میں ساتھیوں نے انھیں تباہ کر دیا۔ ابھی وہ ان سے نمٹے ہی تھے کہ ان کے ساتھیوں نے بتایا کہ دائیں اور بائیں جانب سے درجنوں ہنٹر ان کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ رفیقی شہید نے قہقہہ لگاتے خطرناک فیصلہ کر لیا۔ انھوں نے اپنے ایک ساتھی سے کہا "میری گنیں جام ہو گئی ہیں تم قیادت سنبھالو۔ میں تمھیں کور دوں گا۔"

اس ہدایت کے ساتھ ہی وہ اپنے ساتھیوں کے عقب میں آ گئے۔ ان کے ساتھی نے رفیقی شہید کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے اس ہنٹر کو تباہ کر دیا لیکن اب وہ بری طرح سے دشمن کے گھیرے میں آچکے تھے۔ اس کے باوجود انھوں نے دو اور ہنٹر تباہ کر دیے۔ اس دوران میں دشمن کو بھی یہ اندازہ ہو گیا کہ رفیقی شہید کے طیارے میں کوئی خرابی ہے۔ رفیقی شہید نے اپنے ساتھیوں کو واپس جانے کی ہدایت کی کیونکہ طیاروں کا ایندھن ختم ہونے والا تھا اور وہ اپنے مشن میں بھی کامیاب ہو چکے تھے۔ واپس جاتے ہوئے دشمن کے پانچ چھ طیارے رفیقی شہید کے طیارے پر جھپٹے جس کی گنیں جام



ہو چکی تھیں۔ وہ طیارے سے کود کر اپنی جان بچا سکتے تھے مگر انھوں نے بڑا اہم اور دلیرانہ فیصلہ کیا جو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انھوں نے اپنا طیارہ اینٹی ایئر کرافٹ توپوں پر گرا دیا۔ وہ خود تو شہید ہو گئے مگر انھوں نے دشمن کے دفاعی انتظام کا بیڑا غرق کر دیا۔

سرفراز رفیقی شہید پاک فوج کے واحد شہید ہیں جنھیں بہ یک وقت ستارہ جرات اور ہلال جرات کے اعزاز دیے گئے۔ وہ ایک روایت بن کر ہمیشہ زندہ رہیں گے۔

ہوئے کہا "تم لوگ عقب سے میری حفاظت کرو ان سے میں خود نمٹ لوں گا۔"

ان کے دونوں ساتھی گھوم کر اپنے لیڈر کے عقب میں آ گئے۔ دشمن کا ایک ہنٹر جونہی رفیقی شہید کی زد میں آیا، انھوں نے فوراً فائرنگ بٹن دبا دیا مگر گن خاموش رہی۔ انھوں نے دوبارہ بٹن دبایا مگر گن نے اب بھی گولیاں نہ اگلیں تو وہ سمجھ گئے کہ کسی تکنیکی خرابی کے باعث گن جام ہو گئی ہے۔ گنوں کی کارکردگی سے محروم ہو جانے پر وہ پلٹ کر واپس آسکتے تھے مگر انھوں نے فرار ہو کر جان بچانے کی بجائے ایک انتہائی

دو بمباز طیارے پرواز کرتے دکھائی دے گئے۔ پاک فضائیہ کا یہ شہباز اپنے ہیڈکوارٹرز سے مدد مانگنے کی بجائے ان طیاروں کی طرف جھپٹا اور دونوں اطراف کے فوجی افسروں نے دوربینوں کے ذریعے فضائی تاریخ کی وہ حیرت انگیز لڑائی دیکھی جس کی مثال نہیں ملتی۔

سرفراز رفیقی شہید نے دشمن کے چاروں طیاروں کو فضا ہی میں تباہ کرنے کے بعد ان کا بھانڈا کالا بازی کا ٹی اور سرخرو واپس آ گئے۔

۶ ستمبر کو انھیں جالندھر سے ۴۰ میل دور مشہور فضائی اڈے ہلواڑہ پر حملہ کرنے کا حکم

ٹینڈر نوٹس

ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلویز ملتان کو پاکستان ریلوے کے منظور شدہ ٹھیکیداروں سے پاکستان ریلوے کمپوزٹ ریٹ شیڈول/۱۹۹۰ء کی بنیاد پر سربمہر ٹینڈر درکار ہیں

کام کی نوعیت	تخمینہ لاگت	رقم سیکورٹی	عرصہ تکمیل
۱۔ اسسٹنٹ انجینئر کے سیکشن کے کلاس III کے کوارٹروں کی توسیع (IMPOOREMENT) بمقام ڈیرہ غازیخاں	۱،۰۰،۰۰۰/- روپے	۲۰۰۰/- روپے	ایک ماہ

ٹینڈر کے کاغذات ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلویز ملتان آفس (ورکس اکاؤنٹس برانچ) ۵۰۰ روپے (ناقابلِ واپسی) کے عوض فی سیٹ کے حساب سے سیکورٹی ڈیپازٹ رسید دکھا کر جو کہ کال ڈیپازٹ کی شکل میں کسی بھی شیڈول بنک سے حاصل کردہ ہو یا بینکرز گارنٹی بانڈ جس پر باقاعدہ نمبر اور زونل آفس سے دستخط ہوں اور ایک سال کیلئے ۱۵ اکتوبر ۱۹۹۰ء ۴ بجے تک قابلِ عمل ہو وصول کیئے جاسکتے ہیں۔

ٹینڈر ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر پاکستان ریلویز ملتان کے دفتر پر ۱۶-۱۰-۹۰ دوپہر ۴ بجے تک وصول کیئے جائیں گے اور وہیں پر موجود رہنے کے خواہشمند ٹھیکیداران کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

تفصیلی ٹینڈر ورکس اکاؤنٹس برانچ سے حاصل کیئے جاسکتے ہیں۔

ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ / پی ادملتان

پی آئی ڈی لاہور نمبر ۱۵۰۱

پاکستان ریلویز

ہیڈ کوارٹرز آفس لاہور (کیرج فیکٹری / پرچیز)

ڈپٹی چیف کنٹرولر پرچیز / سی۔ ایف / پاکستان ریلویز ہیڈ کوارٹرز آفس لاہور کو سی اینڈ ایف کراچی کی بنیاد پر مندرجہ ذیل ٹینڈر کی کوٹیشنز درکار ہیں۔

اشتہار ٹینڈر نمبر ۶۶۶۔/۷۰/CF برائے سٹمپنگ ڈائی بلاک اور ڈیکوریٹ بلاک تعداد اشیاء ۱عدد

تاریخ ٹینڈر فروخت	۵ اکتوبر ۱۹۹۰ء تا ۱۰ اکتوبر ۱۹۹۰ء
ٹینڈر کھلنے کی تاریخ	۱۱ اکتوبر ۱۹۹۰ء
ٹینڈر کی قیمت	۵۰/۔ روپے (ناقابل واپسی)

ٹینڈر فارم ڈپٹی چیف کنٹرولر پرچیز / سی ایف / پاکستان ریلویز۔ ہیڈ کوارٹرز آفس شاہراہ عبدالحمید بن بادیس لاہور سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ڈپٹی چیف کنٹرولر سٹورز / انسپکشن / پاکستان ریلویز رتی لائینز کراچی (کینٹ) اور ڈپٹی چیف ٹکنیکل انجینئر / کیرج فیکٹری / پاکستان ریلویز اسلام آباد سے تمام کام کے دنوں میں حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

عبدالمجید انصاری

ڈپٹی چیف کنٹرولر پرچیز / سی۔ ایف

پاکستان ریلویز ہیڈ کوارٹرز آفس لاہور

پی آئی ڈی / لاہور نمبر ۱۰۳۴

۱۱ ستمبر کا ایک شہید

کیپٹن حمید اللہ سنبل شہید ایک دلیر افسر ہی نہیں، بہترین طالب علم بھی تھے طلبا برادری کے لیے ایک روشن مثال

۱۱ ستمبر قائد اعظم کا یوم وفات ہے۔

ستمبر ۶۵ کی اس تاریخ کو جنگ ستمبر میں داد شجاعت دینے والے کیپٹن حمید اللہ سنبل نے بھی ۱۱ ستمبر کو جام شہادت نوش کیا تھا۔

کیپٹن حمید اللہ سنبل ایک دلیر افسر ہی نہیں، بہت ذہین طالب علم بھی تھے۔ وہ ۱۶ فروری ۱۹۳۴ کو میانوالی میں پیدا ہوئے، میٹرک تک تعلیم یہیں حاصل کی، پھر لاہور سے شاندار نمبر لے کر ایف ایس سی کیا اور ابھی بی ایس سی کر ہی رہے تھے کہ انھیں فوج میں کمیشن مل گیا، ۱۹۶۳ میں فوجی افسروں کا ایک گروپ پیشہ ورانہ مہارت حاصل کرنے کے لیے امریکہ گیا۔ کیپٹن حمید اللہ بھی ان میں سے ایک تھے۔ انھیں فورٹ سِل کے مواصلاتی اسکول میں تربیت حاصل کرنا تھی۔ یہاں بھی انھوں نے ایک طالب علم کی حیثیت سے بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا تو امریکہ کے متعدد اخبارات میں ان کی تصویریں شائع ہوئیں۔ ایک اخبار کی تصویر کے نیچے لکھا تھا۔

"پاکستان آرمی کے توپ خانے کے کیپٹن حمید اللہ سنبل جو فورٹ اسکول کے طالب علم ہیں اور جنھوں نے اسکول کے اساتذہ و افسران کو اپنی اعلیٰ صلاحیتوں کا معترف بنا دیا ہے۔

کیپٹن حمید اللہ سنبل کو بہترین نتائج حاصل کرنے پر امریکی حکومت کی طرف سے تعریفی سرٹیفکیٹ بھی دیا گیا تھا۔

جنگ ستمبر میں کیپٹن حمید اللہ سنبل کو سیالکوٹ بھیجا گیا جہاں دشمن سب سے بڑا حملہ کرنے والا تھا (دنیا بھر میں ٹینکوں کی سب سے بڑی جنگ اس سیکٹر میں لڑی گئی تھی)۔ پاکستانی

> دشمن افسر کا خیال تھا کہ اس کے ساتھ بہیمانہ سلوک کیا جائے گا مگر انھوں نے اس کی مہمان نوازی کی

فوج کی روایت ہے کہ اس کے افسر اپنے جوانوں کے دوش بدوش اگلے مورچوں پر لڑتے ہیں۔ کیپٹن حمید اللہ نے بھی اسی روایت پر عمل کیا تھا۔ ان کی کمپنی جسٹر پل کے قریب متعین تھی۔ انھوں نے اپنی توپیں کیموفلاج کر لیں اور خود چھپتے چھپاتے دشمن کے مورچوں کے بالکل قریب پہنچ گئے۔ یہ بہت خطرناک اقدام تھا مگر انھوں نے اپنی جان کی پروا نہ کی اور اپنے توپ خانے کو ہدایت دیتے ہوئے ایسی مؤثر گولہ باری کروائی کہ دشمنوں کے مورچے تہس نہس ہو کر رہ گئے اور وہ وہاں سے پسپا ہو گیا۔ پاکستانی جانبازوں نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کرتے ہوئے نہ صرف جسٹر پل چھین لیا بلکہ یلغار کرتے ہوئے پانچ میل تک ان کے علاقے میں گھس گئے۔

کیپٹن حمید اللہ جو ڈیوٹی کر رہے تھے، وہ او۔ پی (O.P) ڈیوٹی کہلاتی ہے۔ یہ بڑا خطرناک اور جان جوکھوں کا کام ہوتا ہے۔ آدمی دشمنوں کے درمیان یا قریب بیٹھ کر دشمن کے ٹھکانوں پر گولہ باری کرواتا ہے۔ کیپٹن حمید اللہ اپنے جوانوں کو خصوصی ہدایت دے کر دوبارہ او۔ پی پر جا رہے تھے کہ ایک مقام پر گھنی جھاڑیوں کے درمیان دشمن فوجی کی موجودگی کا احساس ہوا جو منتظر تھا کہ کیپٹن سنبل سامنے آئیں تو وہ انھیں بھون کر رکھ دے لیکن اللہ تعالیٰ کو ابھی ان کی شہادت منظور نہیں تھی تاکہ ملک و ملت کے لیے مزید کام کر سکیں۔ کیپٹن حمید اللہ دشمن کو نشانہ بنا سکتے تھے مگر انھوں نے اسے زندہ گرفتار کرنے کی ٹھان لی۔ دوسرے ایک خطرہ یہ بھی تھا کہ دشمن فائرنگ کی آواز سن کر چوکنا ہو جاتے، اسے زندہ گرفتار کرنا بھی بے حد خطرناک کام تھا لیکن وہ اللہ کا نام لے کر برق رفتاری سے جھکائی دیتے ہوئے بھارتی افسر کے سر پر پہنچ گئے۔ افسر نے پلٹ کر دیکھا تو وہ ان کے سر پر اسٹین گن تانے کھڑے تھے۔ کیپٹن حمید اللہ اسے دشمن کی پوزیشن کے قریب سے گزار کر اپنے مورچوں میں لے آئے۔

اس افسر کا خیال تھا کہ اس کے ساتھ بہیمانہ سلوک کیا جائے گا مگر کیپٹن حمید اللہ نے بڑی نرمی کا برتاؤ کرتے ہوئے مہمان نوازی بھی کی تو اس نے از خود ہی اپنی فوج کے توپ کی نشان دہی کر دی۔ پاکستانی توپ خانہ فوراً حرکت میں آگیا اور اس نے منٹوں میں دشمن کے مضبوط ٹھکانوں کو خاک کے ڈھیروں میں تبدیل کر دیا۔ یوں دشمن کی دو چوکیوں پر پاک فوج کا قبضہ ہو گیا۔

۱۰ ستمبر کو کیپٹن حمید اللہ مورچوں سے

> انھوں نے اپنی توپیں کیموفلاج کرلیں اور خود چھپتے چھپاتے دشمن کے مورچوں کے قریب پہنچ گئے۔

کافی دور دشمن کی پوزیشن کا جائزہ لے کر گولہ باری کروا رہے تھے کہ مارٹر کا ایک گولہ ان کے اور اردلی کے درمیان آکر پھٹا۔ اردلی معمولی طور پر زخمی ہوا لیکن کیپٹن حمید اللہ کے سینے پر گہرے زخم آئے اور ٹانگ بھی کٹ گئی۔ انھیں ملٹری ہسپتال سیالکوٹ لایا گیا مگر ۱۱ ستمبر کو جو قائد اعظم کا یوم وفات بھی ہے، اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ انھوں نے قائد اعظم کی سربراہی میں ملنے والے وطن کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا تھا اللہ تعالیٰ نے ان کی شہادت کے لیے بھی وہی تاریخ منتخب کی جو قائد اعظم کی تاریخ وفات ہے۔ کیپٹن حمید اللہ کی خدمات پر ستارہ جرات پیش کیا گیا

امریکی فوج کرائے پر دستیاب ہے

امریکی صدر جارج بش نے گذشتہ سال اپنے استقبالیہ خطاب میں اعلان کیا تھا کہ ان کی خواہشیں ایک بوری میں نہیں سماسکتیں۔ خلیج میں صدر صدام حسن کے "اقدامات" کے جواب میں انہوں نے اپنے اعلان کا ثبوت فراہم کر دیا ہے۔ دراصل یہ خواہش اور اس طرح کی اور توسیع پسندانہ خواہشیں سامراجوں کے توسیع پسندانہ عزائم کی عکاسی کرتی ہیں۔ امریکہ عرصے سے کویت پر عراقی قبضہ کا منتظر تھا ایسا لگتا ہے یہ سب کچھ طے شدہ ہے۔ لیکن دنیا کی بڑی بڑی قرض خواہ عوام خلیج میں اپنے عزائم کے جواز کی متلاشی تھیں اب کے جواز موجود ہے اور یہ جواز دوستی کے بہانے از خود پیدا ہو گیا اس جواز کی عملی صورت یعنی خلیج میں موجودہ امریکی آپریشن "ڈیزرٹ شیلڈ" " DESERT SHIELD " پر ۱۹۹۱ء کے مالی سال کے خاتمے تک ۵.۱۷ بلین امریکی ڈالر خرچ ہونے کی توقع ہے۔ یہ اخراجات کہاں سے پورے ہوں گے ؟ اس کے لئے امریکی وزیر خارجہ جیمز بیکر فوری طور پر خلیج گئے۔ جب کہ وزیر خزانہ نکولس بریڈی کو یورپ اور ایشیا کے دورے پر بھیجا گیا تیل سے مالا مال عرب ریاستوں سے گفت و شنید کے بعد جیمز بیکر نے کہا

"ہم نے یہاں بہت اچھی کامیابی حاصل کی ہے" یہ "کامیابی" کیا ہے ؟ یہ "کامیابی" خلیج میں امریکی افواج کے قیام و طعام کے اخراجات میں حصہ داری ہے۔ طائف میں مقیم معزول کویتی امیر شیخ جابر الاحمد الصباح نے ۱۹۹۰ء کے اختتام تک سعودی عرب میں امریکی فوجوں کے اخراجات کے لئے ۲.۵ بلین امریکی ڈالر کی پیش کش کی ہے۔

ادھر سعودی حکومت نے بھی امریکی فوجوں کے تمام اخراجات برداشت کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ ان اخراجات کا تخمینہ ہر ماہ سینکڑوں ملین امریکی ڈالر لگایا گیا ہے۔

کویتی کہتے ہیں کہ ۲.۵ بلین ڈالر کی امداد کویت میں عراق کی مسلح مداخلت سے متاثر ہونے والے ممالک اردن مصر اور ترکی تک بڑھایا جائے گا۔ تاکہ ان ممالک کے نقصان کی تلافی ہو سکے۔ لیکن ایسا لگتا ہے کہ کم از کم اب یہ امداد صرف امریکہ سے کئے گئے وعدے کے مطابق اس کی فوجوں پر ہی خرچ ہو گی۔ کویت کو چھوڑ کر خلیج کے تیل پیدا کرنے والے ممالک کے لئے اگرچہ یہ رقم ان رقوم کے مقابلے میں بہت کم ہے جو وہ تیل کے بحران کے نتیجے میں تیل کی قیمتیں بڑھا کر فلٹھنوں کے حساب سے حاصل کریں

یہ بقا کی جنگ ہے

"یہ بقاء کی جنگ ہے اور چند بلین ڈالر کی اس حوالے سے کوئی اہمیت نہیں ہے ہم یہ رقم ادا کریں گے اگرچہ یہ زیادہ ہے"۔

اگرچہ یہ بات گذشتہ ہفتے سعودی عرب کے ایک اعلیٰ افسر نے کی۔

مغربی ممالک کا خیال ہے کہ درحقیقت یہ ادائیگی تو تیل استعمال کرنے والے کریں گے جن میں امریکہ بھی شامل ہے۔ کیونکہ بحران کے باعث پوری دنیا میں تیل کی قیمت ۱۰ امریکی ڈالر فی بیرل بڑھ جائے گی۔ اس کا مطلب ہے ہے سالانہ ۳۶ بلین ڈالر سعودی عرب کو اضافی ادا کرنا پڑیں گے۔ یہ وہ رقم ہو گی جو مجموعی خلیج میں امریکی فوج پر ہونے والے اخراجات میں تبدیل ہو جائے گی۔

مغربی ذرائع ابلاغ یہ نہیں کہتے کہ بحران سے بین الاقوامی منڈی میں اشیاء کی قیمتوں میں [illegible] کا اس کا نفع مغربی ممالک اور صنعتی ملکوں کی جیب میں جائے گا اور یہ نفع بہ صورت زیادہ تر عرب دنیا اور خلیجی ممالک سے ہی حاصل ہو گا کیونکہ خلیجی ممالک اور پوری عرب دنیا تیل اور کھجلی کے سوا سبھی اشیاء مغربی اور صنعتی ممالک سے درآمد کرتے ہیں۔

امریکہ اس بحران سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کی فکر میں ہے وہ اپنے دوستوں سے بھی پیسے بٹورنا چاہتا ہے۔ امریکی سیکرٹری خزانہ بریڈی جاپان کے دورے پر اسی سلسلے میں گئے تھے۔ جاپانیوں نے انہیں بتایا کہ عراقی جارحیت سے متاثرہ ملکوں کی امداد کے [illegible] میں سوچا جائے گا۔ حالانکہ پہلے انہوں نے ۱.۳ بلین ڈالر دینے کا وعدہ کیا تھا۔ واشنگٹن متاثرہ ممالک کو مزید امداد دینے کا خواہش مند ہے جاپانی وزرات خارجہ کے ذرائع کہتے ہیں کہ جاپان تو پہلے ہی اپنی بساط سے بڑھ کر امریکہ سے تعاون کر رہا ہے۔ لیکن واشنگٹن اس سے بھی [illegible] امریکہ کی دفاعی معاونت کے لئے جاپان سے مزید ۲۰ ملین ڈالر کی امداد کا طالب ہے۔ [illegible] کہ جاپان اس سے زیادہ تعاون کرنے کو تیار نظر نہیں آتا۔ اس ہفتے جاپانی طبی جماعت خلیج بھیجے جانے کے سوال پر ایک جاپانی سرکاری افسر کہتا ہے کہ ۱۰ سے ۲۰ تک ڈاکٹرز بھیجے جا سکتے ہیں لیکن ایک اور افسر کا کہنا ہے یہ تعداد بہت زیادہ ہے۔ جاپان صرف تین ڈاکٹرز بھیجے گا۔

گذشتہ ہفتے جاپان نے امریکی فوج کی درخواست پر گلف میں ایک بحری جہاز بھیجنے کا پروگرام بنایا تھا اس میں ۸۰۰ (فور وہیل ڈرائیو) گاڑیاں لدی ہوئی تھیں۔ جہاز کے ملاحوں نے دو روز تک ہڑتال کی۔ ان کا مطالبہ تھا کہ وہ یہ جہاز خلیج نہیں پہنچائیں گے۔ ایسا لگتا ہے جاپانی قوم ! اب امریکہ کے سامراجی عزائم میں حصہ دار بننے کے لئے تیار نہیں۔

جاپان کے اس گومگوں رویے پر اظہار خیال کرتے ہوئے ایک ناراض کویتی سرمایہ کار نے بتایا کہ جاپانی دوسرے کے کلب میں گولف تو کھیلنا چاہتے ہیں لیکن وہ کھیل کے واجبات ادا کرنے کو تیار نہیں ہیں۔

To the People and Government of
People's Republic of China
on the occasion of their
41 st National Day

We wish ever-growing
friendly relations between
PAKISTAN AND CHINA

ESTD. 1947

ABDUL WAHID & CO.
IMPORTERS DISTRIBUTORS OF ELECTRICAL GOODS
2, Shakeel Centre, Serai Road, Karachi-74000
Tel : 237410, Cable : TIJARATGAH, Tlx : 24826 WAHID PK

Kodwavwala 90's'
General -90's

اب تک امریکی فوجوں پر ہونے والے اخراجات کی تفصیل

قسم اخراجات	کل اخراجات (ملین میں)
توسیع جات بشمول ہوائی اور بحری لفٹ اور دیگر توسیعی اخراجات (معاون بحری جہاز ' ذخیرہ وغیرہ)	5,300
ایندھن کے اخراجات اضافی استعمال اور ایندھن کی قیمت	2,040
ترسیلات و مواصلات ٹرانسپورٹ ' معاونت	3,015
آپریٹنگ اخراجات	2,085
رہائش رہائش ' پانی ' صفائی وغیرہ	2,095
تعمیراتی خرچ دو برس کی مدت کے لئے سہولتوں کا قیام	1,830
متفرق طبی ' خاندان سے علیحدگی کی اضافی تنخواہ ' وغیرہ	165
ملین امریکی ڈالر	17530

...اں تک امریکی اتحادی وفاقی جرمنی کا تعلق ہے وہ ...ریکہ کی ۶۳ ملین ڈالر کی امداد کی درخواست کو قبول ...نے پر آمادہ نظر آتا ہے۔ امریکہ کے خیال میں یہ رقم ...اثرہ ممالک کے لئے ہو گی ---- دوسری طرف ...منی ہی نے امریکہ کی اس درخواست کو مسترد کر دیا ...جس میں امریکی فوج کو وفاقی فنڈ دینے کا ذکر تھا لیکن ...ں نے امریکی فوجوں کی خلیج میں نقل و حمل میں مدد دینے کے لئے بحری اور ہوائی جہاز دینے کی پیش کش کی ہے۔ خلیج کے بحران نے جہاں پوری دنیا خصوصاً مغربی اور صنعتی ممالک کو متحرک کر دیا ہے وہاں عراق اور کویت کی بیرونی تجارت بھی متاثر ہوئی ہے اور ان دونوں کے ہمسایہ ممالک کو بہت زیادہ معاشی و اقتصادی نقصان اٹھانا پڑتا ہے برازیل کو جو عراق سے خام مال خریدتا ہے تیل کی اضافی قیمت کے ضمن میں سالانہ ۵۰ ملین ڈالر کا نقصان ہو گا۔ محنت کشوں کی عراق اور کویت سے واپسی کے نتیجے میں پاکستان اگلے سال ایک بلین ڈالر کا نقصان برداشت کرے گا۔ انسٹی ٹیوٹ برائے بین الاقوامی معاشیات کے تخمینوں کے مطابق مشرقی یورپ کو خلیج کے بحران کے باعث تیل کی اضافی قیمتوں کے ضمن میں ۴۶۸ ملین ڈالر کا نقصان ہو گا۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کی برآمدات میں بھی کمی آئے گی۔ دوسری طرف سعودی عرب اور کویت نے بھی اپنی بقاء اور متاثرہ ممالک کے لئے نوٹوں کی بوریوں کے منہ کھول دیئے ہیں۔ کویتیوں اور سعودیوں کا خیال ہے کہ کئی ممالک جو اس بحران سے متاثر ہوتے ہیں اپنے نقصانات کو بڑھا چڑھا کر پیش کریں گے تاکہ بدلے میں زیادہ سے زیادہ امداد ملے۔

اب کہ خلیج کا بحران غیر یقینی کیفیت کے ساتھ بڑھتا جا رہا ہے تیل کی قیمتوں میں بھی اسی سرعت سے اضافہ ہو رہا ہے اور ہو سکتا ہے کہ یہ بات حقیقت بن جائے کہ " پیٹروڈالر " امریکہ کی "معالی ذمہ داریوں" اور اس کے لئے ذرائع معاش کے مابین غیر متوازن اور غیر صحت مند مقابلے سے پیدا ہونے والے مسائل سے نپٹنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

عظیم دوست عوامی جمہوریہ چین کے ۴۱ ویں قومی دن کے موقع پر
دِل کی گہرائیوں سے مُبارکباد
منجانب ؛ محمد صدیق القادری چیئرمین پاک چین یوتھ فرینڈز شپ
ایسوسی ایشن پاکستان شاخ
ایڈیٹر انچیف
یوتھ انٹرنیشنل میگزین۔

خلیج کا میدان اور امریکی چالبازیاں

کل کے دشمن اپنے مفادات کی خاطر دوست بن گئے ہیں۔



...تنی عجیب بات ہے کہ کل کے دشمن آج ...یک دوسرے کے دکھ سکھ کے شریک بن گئے ہیں۔ ...ن سے چند تئیس دن قبل امریکہ اور سوویت یونین ...ایک بار متفق ہونے کا سوال غیر حقیقی سا محسوس ...ہوتا۔ لیکن امریکی کمانڈر انچیف کے نزدیک یہ سوال غیر قدرتی نہیں تھا۔ امریکی اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کے ایک اعلیٰ افسر نے کہا " لیکن اب مجھے زیادہ یقین نہیں ہے "

امریکی صدر جارج بش سرد جنگ سے آگے تا...ک کر ضرب لگانے "انتظار کرنے اور غور و خوض کی پالیسی پر عمل کر رہے ہیں۔ ان کے ساتھی کہتے ہیں کہ وہ دنیا کے بارے میں نئی امریکی حکمت عملی سوچ رہے ہیں۔

وہ کیا حالات ہیں جن میں یہ دونوں اکٹھے ہو گئے ہیں جن کے نظریات میں بعد ہے جن کی ثقافت جدا ہے مفادات الگ ہیں۔ جن کے دوست الگ ہیں پھر بھی وہ ایک دوسرے کا بازو تھامے دوستی کا عملی نظارہ پیش کر رہے ہیں۔ یہ گلف ہی ہے جو ان دونوں کو دوستی کے پلیٹ فارم پر لے آیا ہے دونوں ملکوں نے پوری دنیا کو گھیر کر خلیج کا بحران دور کرنے کی کوششوں ؟ عملی ...غاز کر دیا ہے دراصل امریکہ گلف میں روس کے بغیر اپنے آپ کو بے بس سمجھتا ہے اسی لئے عراق کے خلاف ماسکو کا امریکہ کی حمایت کرنا اس بات کی واضح علامت ہے کہ دو بڑی طاقتوں کے بیچ سرد جنگ ختم ہو چکی ہے ---- حالانکہ عراق ' شرق اوسط میں روس کا نمائندہ ہے۔ اور سرزمین کویت کو روندنے والے بیشتر ٹینک روسی ساخت کے ہیں۔ عراقی فوجیوں کے پاس زیادہ تر اسلحہ روس ہی کا بنا ہوا ہے۔ شاید یہ صدام حسین اور ماسکو کے گہرے تعلقات ہی تھے کہ چند سال قبل تک امریکہ بلاوجہ اور بلا خطرہ شرق اوسط میں اپنی ایک لاکھ فوج بھیجنے کا تصور تک نہیں کر سکتا تھا۔ اب ایسا لگتا ہے کہ کریملن نے شرق اوسط میں عملاً امریکی عمل دخل تسلیم کر لیا ہے۔

حالات و قرآئن سے اندازا ہوتا ہے کہ خلیج میں سیاسی جغرافیئے کا نقشہ نئے سرے سے کھینچا جا رہا ہے۔ تجزیہ نگاروں کے مطابق یہ " غلط لکیریں " صرف مشرق و مغرب تک نہیں بلکہ شمال جنوب تک پھیل رہی ہیں۔ اور ایسا لگتا ہے کہ موجودہ ٹوٹ پھوٹ کے بعد مستقبل کی گروہ بندی کی بنیاد معیشت پر ہو گی لیکن یہ گروہ بندی سوشلسٹ بمقابلہ سرمایہ دار نہیں بلکہ غریب بمقابلہ امیر کے معنوں میں ہو گی۔ علاقائی معاشی ناہمواری اور ناپختگی آنے والے چند برسوں میں بڑھے گی ---- پہلی اور دوسری دنیا میں تیسری دنیا کے کمزور ملکوں پر اپنا حکم چلانے کے لئے متحد ہو جائیں گی ----

سابق امریکی سینیٹر گیری ہارٹ (Gary Hart) کے مشیر ولیم لنڈ (William Lind) موجودہ صورت حال پر اظہار کرتے ہوئے کہتے ہیں قدامت پسندوں کو اس دن کے لئے تیار رہنا چاہیے جب ----------

" ہو سکتا ہے روس اپنی مخالف قوتوں کا اتحادی بن جائے اور مغرب کو نئی دھمکیوں مثلاً ایشیاء سے معاشی حملہ ' شرق اوسط سے مسلح اسلامی دہشت گردی اور لاطینی امریکہ سے منشیات کے خوف سے پریشان کرے بعض ممالک جنگ عظیم کی طرح کے " عظیم الشان اتحاد " کے متمنی ہیں جس میں تعاون کی وہی روح اور وہی نظریہ کار فرما ہو ----

لفظ " اتحاد " معنوں کے اعتبار سے انتہائی

مضبوط ہے جتنا کہ جارج بش کے ذہن میں ہے۔ تاہم دونوں ملکوں کے پاس ہزاروں نیوکلیائی ہتھیار ہیں جن کا رخ ایک دوسرے کے خلاف ہے اس کے باوجود حکمت عملی کا ہتھیار ایک دوسرے کو نیچا دکھا سکتا ہے لیکن یہ ہتھیار نقصان دہ قطعاً نہیں ہے۔

روسی امریکہ کے اتحادی تو بننا چاہتے ہیں لیکن ایسے نہیں جیسے امریکہ کا "مستقل اتحادی" برطانیہ ہے جو اس کی روایات کے ساتھ بندھا ہوا ہے اور اقدار کے ساتھ ساتھ مفادات میں بھی حصہ دار ہے۔ چونکہ وہ فطری مقاصد کی حفاظت کی مشترکہ خواہش رکھتے ہیں اس لئے امریکہ اور روس اپنے مخصوص اور محدود مقاصد کے ساتھ دکھائی دیتے ہیں شرق اوسط پہلا مقام نہیں جہاں روس اور امریکہ غلط راہوں کے ساتھی بن گئے ہیں۔ ماسکو پہلے ہی انگولا سے کیوبا کی فوج اور کمبوڈیا سے ویت نامی ٹروپس کو نکالنے کے لئے اپنی طاقت کا لیور استعمال کر چکا ہے۔ گذشتہ ماہ کمبوڈیا کی خانہ جنگی کے خاتمہ کے لئے اقوام متحدہ کے امن منصوبے کی منظوری کے لئے ماسکو نے امریکہ، فرانس، برطانیہ اور چین سے تعاون کیا ہے۔ اس سال کے شروع میں کریملن نے واشنگٹن سے اس بات پر بھی تعاون کا ہاتھ بڑھایا ہے کہ وہ سنڈانسٹوں کو نکاراگوا میں آزادانہ انتخاب کرانے کے لئے اپنا دباؤ استعمال کرے۔ حالانکہ اس الیکشن سے نکاراگوا کے مارکسٹ حکمرانوں کو زوال آجائے گا ----

اگرچہ فی الحال ماسکو نے واشنگٹن سے گلف میں اس کی مدد کے بدلے کچھ نہیں مانگا ہے لیکن بدلے میں کریملن زیادہ سے زیادہ چاہتا ہے۔ روسیوں کو مغربی ٹیکنالوجی کی اشد ضرورت ہے وہ مالی امور میں مہارت چاہتے ہیں مختصر مدت میں انہیں مالی معاونت اور روز مرہ استعمال کی اشیاء مثلاً گندم کی بھی بہت ضرورت ہے لیکن اس کے برعکس امریکی سی آئی اے کا نکتہ نظر کچھ مختلف ہے اس نے اپنی حکومت کو انتباہ کیا ہے کہ سرد جنگ کے بعد "روسی جاسوسی" بڑھ گئی ہے۔ کیونکہ روسی "صنعتی رازوں" کے لئے کوشاں ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ اپنی صنعتوں کو جدید صنعتی میدان میں سب سے آگے لائیں۔

اس ہفتے امریکی وزیر خارجہ جیمز بیکر اور وزیر تجارت موس بشر Mosbasher رابرٹ Robert اعلیٰ سطحی وفد اپنی سربراہی میں ماسکو لے کر جائیں گے۔ اس دورے کا مقصد سوویت یونین کی "سرخ دیوار" میں دراڑیں ڈالنا ہے۔ یہ سرخ دیوار "مغربی تاجروں کی امیدوں اور زمین کی خواہشوں کے راستے میں حائل ہے اس دورے کا نتیجہ زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کی صورت میں نکلے گا۔

ماسکو اپنے آپ کو معروف "G-7" تنظیم سے باہر محسوس کرتا ہے جو سات مالدار صنعتی ملکوں نے مل کر قائم کی ہے۔ سوویت یونین گذشتہ ۴۵ برسوں سے اقوام متحدہ کے مخصوص اس پانچ قوی کلب کا پہلے ہی مستقل رکن ہے جسے عرف عام میں سلامتی کونسل کہتے ہیں۔ جس میں بڑی طاقتیں اپنے اپنے مفادات کے تحت ایک دوسرے کے خلاف حق استرداد استعمال کرتی ہیں۔ اب لگتا ہے کہ

امریکہ نے خلیج میں ایک لاکھ فوج بلاوجہ نہیں بھیجی۔

اقوام متحدہ اپنے بانی اراکین کی خواہشات اور تجاویز کے عین مطابق بین الاقوامی "پولیس مین" کا کردار ادا کرنے کے بارے میں سوچ رہی ہے ابھی تک اس بات کا کامل یقین نہیں ہے کہ اقوام متحدہ یا "مجموعی سلامتی" کا کوئی دوسرا ادارہ اس طرح کا کردار ادا کر سکتا ہے ان حالات میں اگر سوویت یونین نے تیسری دنیا میں برپا ہونے والے انقلابوں کو روکنے کی کوشش کی تو وہ بھی منظم ہو جائیں گے ---- بڑی طاقتوں کی "اسلحہ" کی ترسیل کی دھمکیاں چھوٹے جھگڑوں کے بڑھاوے کے لئے ممد و معاون ثابت ہوتی ہیں ----

چھوٹے ملکوں کو اسلحہ کی مزید ترسیل اور امداد و معاون کے باعث کریملن اپنی روائتی طاقت کو کھو رہا ہے اگر ماسکو اپنے گھر کو کنٹرول نہیں کر سکتا تو دنیا میں اس کا اثر و رسوخ کیسے قائم رہ سکتا ہے۔ اس کا اپنا گھر کمزور ہے لیکن اس کے باوجود کریملن بین الاقوامی معاملات میں مضبوط آواز میں بولا ہے آج کل امریکی کانگریس خاموش ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جارج بش ہی اصل میں "امریکی حکومت" ہیں۔

گورباچوف ملکی اور بین الاقوامی معاملات میں "بین الاقوامی مفاہمت" کے ضمن میں بڑھ چڑھ کر جو کچھ کر رہے ہیں اس بارے میں خود گورباچوف کو یقین نہیں ہے کہ ان کے پیروکار ان کی پالیسیوں کو زمانہ حال کی طرح مستقبل میں بھی اسی طرح جاری و ساری رکھیں گے ----

حقیقت یہ ہے کہ سوویت یونین واشنگٹن کا "فطری اتحادی" نہیں ہے البتہ گورباچوف ذاتی طور پر واشنگٹن کے اتحادی ضرور ہیں۔ حالات سے اندازہ ہوتا ہے کہ چند سالوں، یا محض چند ہفتوں میں وہ (گورباچوف) اقتدار سے محروم ہو جائیں گے۔ اس صورت میں سوویت یونین قومیتیوں کے جھگڑوں میں الجھ کر اپنا شیرازہ بکھیر بیٹھے گا۔ گورباچوف کی مغربی ممالک سے آگے بڑھ کر تعاون کی نئی روح ان کی اپنی مرضی اور ضرورت کے "بڑے علاقے" میں پھونک دی تھی

ہے اس طرح وہ اپنے "اندرونی مسائل" کی پردہ پوشی بھی کر سکتے ہیں ---- لیکن اس حقیقت سے آنکھیں نہیں چرائی جا سکتیں کہ پرانے دشمنوں کے درمیان "نئی رسائیاں" اور "نئے رابطوں" کی بنیاد، ذاتی سیاست" ہے یہی بات ان "رابطوں اور رسائیوں" کو نازک بنا رہی ہے۔ ●●●●

MANUFACTURERS & SUPPLIERS
Of All types of Cotton textiles and textile articles:-
Bedding Clothing, Dressing Material, Hospital Garments, Uniforms of Armed Forces. Towels, Bed Sheets, Blankets Wollen, K.T. Cloth, Febron etc.
for business dealings contact:
M/S Al-Qadri Trading Corporation (Regd)
P.O. Box No. 2441, G.P.O.
6th Floor Aiwan-e-Auqaf.
Shahrah-e-Quaid-e-Azam
Lahore, Pakistan.
Phone: 54729

ایشیا سوسائٹی واشنگٹن میں

امریکی سفیر رابرٹ بی اوکلے کی

پاکستانی سیاست پر تقریر جس سے

نگران وزیر داخلہ

زاہد سرفراز چلا اُٹھے؟

نواز شریف نے خاموشی اختیار کر لی؟

نگران وزیر اعظم غلام مصطفےٰ جتوئی کے خلاف سازش کا مقصد کیا تھا؟

صدیق القادری کا

بے لاگ تجزیہ!



